آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

MEMBER OF APNS & CPNE

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 26 جولائی 2020ء بمطابق 05 ذوالحجہ 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 204

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

| | |
|---|---|
| فجر | 4:24 |
| ظہر | 2:00 |
| عصر | 5:45 |
| مغرب | 7:12 |
| عشاء | 08:45 |

اہل تشیع

| | |
|---|---|
| فجر صبح | 04:15 |
| ظہرین | 01:00 |
| مغربین | 07:27 |

# کورونا اسمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی کارآمد ثابت ہوئی' شاہ محمود قریشی

خدانخواستہ پاکستان بلیک لسٹ میں آجاتا ہے تو ہماری معیشت پر بھیانک اثرات ہوں گے، ہم وائٹ لسٹ میں پاکستان کو دوبارہ لاکھڑا کریں اور اس کے لیے کچھ قانون سازی درکار ہے، ہم نے تاخیر کردی تو پھر چیز ہاتھ سے نکل جائے گی

اسمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی کامیاب ہوئی اور دنیا نے اس کی تقلید کی، وائرس میں کمی آرہی ہے، ہسپتالوں پر دباؤ اور وینٹی لیٹرز پر لوگ کم ہو رہے ہیں، اللہ نے چاہا تو ہم اس بیماری کو ختم کرنے کے قریب ہیں، شاہ محمود قریشی کی پریس کانفرنس

تک پاکستان میں 12 لاکھ کورونا سے متاثر مریض اور 50 ہزار کے قریب اموات ہوتی تھیں، عیدالاضحی اور محرم الحرام پر لوگ احتیاط جاری رکھیں، علماء ایس او پیز پر عمل کروائیں اور اپنے طبقے کو محفوظ کرنے کے لیے تعاون فرمائیں

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ بھارت کی کوشش رہی ہے کہ پاکستان کو ایف اے ٹی ایف کی بلیک لسٹ میں دھکیلے اور خدانخواستہ اگر پاکستان بلیک لسٹ میں آجاتا ہے تو اس کے ہماری معیشت پر جو بھیانک اثرات ہوں گے اس کا اندازہ آپ مجھ سے بہتر لگا سکتے ہیں، ہماری اسمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی کامیاب ہوئی اور دنیا نے اس کی تقلید کی ہے، ملک میں کورونا وائرس کے انفیکشن میں بتدریج کمی آرہی ہے۔ ہفتہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ملک میں کورونا وائرس کے انفیکشن میں بتدریج کمی آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماہرین کے

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار ملاقات کررہے ہیں

## چیئرمین سینیٹ، وزیراعلیٰ پنجاب کی وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات

چاروں صوبوں کے درمیان باہمی روابط کے فروغ کے لیے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا

اسلام آباد/کوئٹہ (خ ن) چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی اور وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے بلوچستان ہاؤس میں ملاقات کی جس کے دوران سیاسی و باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں اتفاق کیا گیا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

# حکومت ساحلی پٹی کی ترقی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے' وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سرمایہ کاری، سیاحت کے وسیع مواقع موجود، حکومت ساحلی پٹی کی ترقی اور بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

رواں مالی سال کے بجٹ میں 770 کلو میٹر کی ساحلی پٹی کی بہتری کیلئے 150 ملین روپے کی لاگت سے ماسٹر پلان شامل کیا گیا ہے

بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ماحول دوست سیاحت کے فروغ کے لئے 1 ہزار ملین روپے کی لاگت سے 7 سیاحتی سیر گاہیں قائم کی جائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سرمایہ کاری، سیاحت کے وسیع مواقع موجود ہیں حکومت صوبے کی ساحلی پٹی کی ترقی اور بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے رواں مالی سال کے بجٹ میں 770 کلو میٹر ساحلی پٹی کی بہتری کے لئے 150 ملین روپے کی لاگت سے ماسٹر پلان شامل کیا گیا ہے، یہ بات انہوں نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک بیان میں کہی، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ماحول دوست سیاحت کے فروغ کے لئے 1 ہزار ملین روپے کی لاگت سے 7 سیاحتی سیر گاہیں قائم کی جائیں گی، 10 مقامات پر جدید سہولیات سے آراستہ ریسٹ ایریا بنائے جارہے ہیں جن پر 1 ہزار ملین کی لاگت آئے گی،

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ملتان: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

## وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق ہمیں یہ عید سادگی سے منانی چاہیے، اسد عمر

عید پر تفریحی مقامات کا رخ نہ کریں اور عید پر اجتماعات سے گریز کریں، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق ہمیں یہ عید سادگی سے منانی چاہیے۔ ہفتہ کو وفاقی وزیر اسد عمر زیر صدارت این سی او سی کا اجلاس ہوا جس میں فورم کو عیدالاضحی پر مویشی منڈیوں میں حفاظتی تدابیر کے حوالے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

## زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں سے عوام میں پائی جانے والی احساس محرومی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوں گے' ظہور احمد بلیدی

ان سے نہ صرف شہری سہولیات ان کے دہلیز پر میسر ہوں گی بلکہ ان کی تقدیر میں انقلابی تبدیلی بھی رونما ہوگی صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ زیر تعمیر ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے علاقے کے عوام میں پائی جانے والی احساس محرومی کے خاتمے میں معاون ثابت ہوں گے۔ ان سے نہ صرف شہری سہولیات ان کے دہلیز پر میسر ہوں گی بلکہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

### سلوگن

بلوچستان کے عوام نے کرونا وائرس کو اپنی صفوں سے باہر نکالنے میں اب تک مثالی یکجہتی اور دانشمندی کا مظاہرہ کیا ہے۔ توقع ہے وہ اسی طرح سماجی فاصلہ برقرار رکھیں گے، ماسک اور سینیٹائزر کا حسب ضرورت استعمال باقاعدگی سے کرتے رہیں گے اور اگر عیدالاضحی کے دوران لوگ اسی طرح حکومتی فیصلوں پر ثابت قدم رہے تو کرونا کیسز مزید کم ہوں گے۔

اسلام آباد: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پریس کانفرنس کررہے ہیں

## حکومت بلوچستان کا سمندری حیات کے تحفظ، طے شدہ مقدار میں ماہی گیری، ماہی گیروں کی حفاظت کیلئے ویسل مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے صوبے میں سمندری حیات کے تحفظ، طے شدہ مقدار میں ماہی گیری اور ماہی گیروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے ویسل مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ کرلیا، ساحلی علاقوں میں 15 میٹر سے زائد بڑی کشتیوں کی نگرانی کی جائیگی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

## 25 جولائی یوم سیاہ ہے اس دن نااہل حکمران پاکستانی عوام پر مسلط کرلی گئی' عبدالغفور حیدری

حکومتی نااہلی اور ناکامی کی وجہ سے کورونا سے بڑے پیمانے پر اموات ہوئیں اپوزیشن حکومت کی خامیوں کو عوام کے سامنے آشکار کرتے رہیں گے

پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تبدیلی سرکار نے ملک کو معاشی طور پر عدم استحکام سے دوچار کردیا ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ 25 جولائی یوم سیاہ ہے اس دن نااہل حکمران پاکستانی عوام پر مسلط کرلی گئی دو سال کے عرصے میں اپنے مقررہ اہداف بھی حاصل نہ کرسکی بلکہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت تبدیلی سرکار نے ملک کو معاشی طور پر عدم استحکام سے دوچار کردیا ہے حکومتی نااہلی اور ناکامی کی وجہ سے کورونا سے بڑے پیمانے پر اموات ہوئی اپوزیشن حکومت کی خامیوں کو عوام کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

## 25 جولائی کو تاریخ میں عوام کا مینڈیٹ چوری ہونے کے طور پر یاد رکھا جائیگا' شہباز شریف

دو سالوں میں پاکستان میں کیے گئے حکمرانی کے تجربے سے ملک کو بہت نقصان پہنچا' صدر (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و قائد حزب اختلاف محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ 25 جولائی کو تاریخ میں عوام کا مینڈیٹ چوری ہونے کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ ٹوئٹر پر اپنی ٹوئٹس شہباز شریف نے کہا کہ 25 جولائی کو ملک پر ایک منتخب

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

# بلوچستان میں شوگر کا کوئی بحران نہیں قیمتیں بھی مستحکم ہیں' ترجمان حکومت بلوچستان

بلوچستان میں کورناوائرس کے کیسز میں کمی آئی ہے گزشتہ 5 روز کے دوران کورونا کے 135 کیس رپورٹ ہوچکے ہیں

لیکن عیدالاضحی کے ایام میں کورونا کیسز کے بڑھنے کے خدشات موجود ہیں، عوام کو زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے، لیاقت شاہوانی

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں کورونا وائرس کے کیسز میں کمی آئی ہے گزشتہ 5 روز کے دوران کورونا کے 135 کیس رپورٹ ہوچکے ہیں لیکن عیدالاضحی کے ایام میں کورونا کیسز کے بڑھنے کے خدشات موجود ہیں، عوام کو زیادہ احتیاط کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے آفیسر کلب کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ عیدالفطر میں کورونا کے کیسز میں تین گنا اضافہ ہوا تھا عیدالاضحی کے دوران کیسز میں اضافے کا خدشہ ہے، شہری عوامی مقامات پر کم سے کم رش کریں خصوصاً مویشی منڈیوں میں زیادہ احتیاط کریں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

## بلوچستان بھر سے اہم خبریں

### کوہلو بسی روڈ مون سون بارشوں سے بہہ گیا ٹریفک معطل

کوہلو (این این آئی) کوہلو بسی شاہراہ گراونڈ کے مقام پر حالیہ بارشوں سے بہہ گیا ہے جس کی وجہ سے

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

### صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے محکمہ صحت کی جانب سے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں' گہور خان مری

کوہلو (خ ن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میر گہور خان مری نے کہا ہے کہ صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کیلئے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

### جھل مگسی میں پرانی دشمنی کی بنا پر دو بیٹے اور ماں قتل

اوستہ محمد (نامہ نگار) جھل مگسی میں پرانی دشمنی کی بنا پر دو بیٹے اور ماں قتل، ملزم نے گھر میں سوئے اہل خانہ پر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

### لسبیلہ اور گوادر کی لیویز کی پولیس میں انضمام ختم کرنے اور انہیں بی ایریا کو بحال کا فیصلہ کرلیا گیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) لسبیلہ اور گوادر کی لیویز کی پولیس میں انضمام ختم کرنے اور انہیں بی ایریا کو بحال کا فیصلہ کر

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

## ملک بھر سے اہم خبریں

### پاکستان ریلوے کا عیدالاضحی کے موقع پر عوام کی سہولت کے پیش نظر 4 عید اسپیشل ٹرینیں چلانے کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے عیدالاضحی کے موقع پر عوام کی سہولت کے پیش نظر 4 عید اسپیشل

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

### پاک افغان سرحد پر کھولی گئی پانچوں سرحدی راہداریاں ٹرکوں کی آمدورفت کیلئے فعال کردی گئیں' محمد صادق

اسلام آباد (این این آئی) افغانستان کے بارے میں وزیراعظم کے خصوصی نمائندے محمد صادق نے کہا

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

### پچھلے 35 سال سے 2 خاندان ملک پر حکمرانی کررہے تھے، دو سال پہلے عوام نے مسترد کر کے تبدیلی کو ووٹ دیا، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا ہے کہ 2 خاندان پچھلے 35 سال سے زائد ملک پر

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

### بلاول بھٹو زرداری کی اختر مینگل سے ملاقات، سیاسی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان نیشنل پارٹی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

# کیچ میں دہشتگردوں کی فائرنگ سے سیکیورٹی اہلکار شہید، 3 زخمی

دہشت گرد حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوسکتے بہادر سیکیورٹی فورسز وطن کا دفاع اور دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا جانتی ہیں' وزیراعلیٰ

دہشت گردوں کی فائرنگ سے لانس نائیک جاوید کریم شہید ہوئے' سرچ آپریشن شروع کردیا، ترجمان پاک فوج

راولپنڈی/کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے ایک اہلکار شہید اور تین زخمی ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی (ایس پی آر) کے مطابق ہفتہ کو ضلع کیچ کے علاقے تربت سے 35 کلومیٹر جنوب مشرق میں واقع پدرک کے علاقے میں دہشتگردوں نے گشت پر مامور سیکورٹی فورسز کے قافلے پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں لانس نائیک جاوید کریم شہید جبکہ تین اہلکار زخمی ہوگئے۔ بیان میں کہا گیا کہ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کا محاصرہ کرکے سرچ آپریشن شروع کردیا۔ ادھر وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان نے ضلع کیچ تربت میں ایف سی اہلکاروں پر دہشت گردوں کی فائرنگ واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے حملے میں ایک سیکیورٹی اہلکار کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ دہشت گرد حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہوسکتی بہادر سیکیورٹی فورسز وطن

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

## کورونا وبا کے بعد متحدہ عرب امارات میں پاکستانی ملازمین کو فوقیت دی جائیگی، زلفی بخاری

پاکستانی ملازمین کے حقوق کا مکمل تحفظ کیا جائے گا، اماراتی حکام نے معاون خصوصی زلفی بخاری کو یقین دہانی کرادی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے اوورسیز پاکستانیز زلفی بخاری نے کہا ہے کہ کورونا وبا کے بعد متحدہ عرب امارات میں پاکستانی ملازمین کو فوقیت دی جائیگی۔ اوورسیز وزارت کا اپنے ایک بیان میں کہنا ہے کہ اماراتی حکام نے معاون خصوصی زلفی بخاری کو یقین دہانی کرادی ہے۔ زلفی بخاری کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ پاکستانی ملازمین کے حقوق کا مکمل تحفظ کیا جائے گا۔ دبئی میں موجود معاون خصوصی زلفی بخاری نے پاکستانی بزنس کمیونٹی سے بھی ملاقات کی، پاکستانی کاروباری شخصیات نے امارات میں پھنسے پاکستانیوں کی انخلا اور راشن کیلئے مالی مدد کی۔ زلفی بخاری

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

# ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جدوجہد جاری رہے گی' وزیر اطلاعات

اقتدار ملا تو ملک کو معاشی مشکلات کا سامنا تھا ملک قرضوں کی دلدل میں پھنسا ہوا تھا وزیراعظم کی قیادت میں نئے عزم کے ساتھ اصلاحات کی جانب بڑھے

25 جولائی 2018ء کو عوام نے نئی سوچ کی بنیاد رکھی، فرسودہ، مراعات یافتہ اور کرپٹ نظام کو شکست ہوئی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ 25 جولائی 2018 کو پی ٹی آئی کارکنان اور عوام نے منفرد سوچ کی بنیاد رکھی، فرسودہ، مراعات یافتہ اور کرپٹ نظام کو شکست ہوئی ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں جدوجہد جاری رہے گی۔ ہفتہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کا دن پاکستان کی جمہوری تاریخ کا یادگار دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25 جولائی 2018 کو پی ٹی آئی کارکنان اور عوام نے منفرد نئی سوچ کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے کہا کہ ایک فرسودہ، مراعات یافتہ، اقربا پرور اور کرپٹ نظام کو شکست ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ فرسودہ نظام کے خالق ملکی اداروں اور معیشت کو کھوکھلا کر کے ذاتی مفادات حاصل کرتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار ملا تو ملک کو معاشی مشکلات کا سامنا تھا ملک قرضوں کی دلدل میں پھنسا ہوا تھا وزیراعظم کی قیادت میں نئے عزم کے ساتھ اصلاحات کی جانب بڑھے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

## عیدالاضحی پر لوڈ شیڈنگ نہیں ہوگی، حکومت کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے عید پر ملک بھر میں لوڈ شیڈنگ نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت نے عیدالاضحی کے موقع پر تینوں دن ملک بھر میں لوڈ شیڈنگ نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس حوالے سے وزارت پاور

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

## بلوچستان ترقی اور خوشحالی کے ٹریک پر گامزن ہے' سید حسنین ہاشمی

بلوچستان عوامی پارٹی نے گزشتہ دو سالوں کے دوران صوبے کی ترقی، گڈ گورننس، اصلاحات، مواصلاتی نظام کی بہتری پر خصوصی توجہ دی ہے

بلوچستان عوامی پارٹی پر امن اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر کے مشن پر کاربند ... مستقبل قریب میں ترقی و خوشحالی کی مزید راہیں ہموار ہوں گی، مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی نے گزشتہ دو سالوں کے دوران صوبے کی ترقی، گڈ گورننس، اصلاحات، مواصلاتی نظام کی بہتری پر خصوصی توجہ دی ہے بلوچستان ترقی اور خوشحالی کے ٹریک پر گامزن ہے مستقبل قریب میں ترقی و خوشحالی کی مزید راہیں ہموار ہوں گی۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ سید حسنین ہاشمی نے کہا کہ بلوچستان دیگر صوبوں کی نسبت پسماندگی کا شکار

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

## مقدمات میں 50، 50 گواہ بنانا قانونی مجبوری ہے، 30 روز میں کرپشن مقدمات کا فیصلہ ممکن نہیں، چیئرمین نیب

موجودہ احتساب عدالتیں مقدمات کا بوجھ اٹھانے کیلئے ناکافی ہیں، حکومت کو کئی مرتبہ کہہ چکے ہیں کہ نیب عدالتوں کی تعداد بڑھائی جائے، جسٹس جاوید اقبال

کراچی، لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد اور بلوچستان میں اضافی عدالتوں کی ضرورت ہے، ہر احتساب عدالت اوسطاً 50 مقدمات سن رہی ہے، سپریم کورٹ جواب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال نے جمع کروائے گئے جواب میں کہا ہے کہ مقدمات میں 50، 50 گواہ بنانا قانونی مجبوری ہے، 30 روز میں کرپشن مقدمات کا فیصلہ ممکن نہیں۔ عدالت عظمیٰ میں 120 نئی احتساب عدالتوں کے قیام و نیب کارکردگی سے متعلق اٹھائے گئے سوالات کے بعد چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال نے جواب جمع کروادیا۔ اپنے جواب میں چیئرمین نیب نے بتایا کہ موجودہ احتساب عدالتیں مقدمات کا بوجھ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

## حکومت نے سرکاری ملازمین کے سوشل میڈیا یا ٹی وی پر تبصروں اور سرکاری دستاویزات شیئر کرنے کا نوٹس لے لیا

لاہور (این این آئی) حکومت نے سرکاری افسران و ملازمین کے سوشل میڈیا اور ٹی وی پر تبصروں اور سرکاری دستاویزات شیئر کرنے کا نوٹس لے لیا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے صوبائی حکومتوں کو جاری مراسلے میں کہا گیا ہے کہ سرکاری افسران و ملازمین سوشل میڈیا اور ٹی وی پر اپنے تبصرے نہیں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

سکردو: ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان کا جوانوں کے ہمراہ گروپ

# حکومت نے صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کا جال بچھا دیا گیا ہے' نور محمد دمڑ

صوبے کے عوام نے 70 سالوں سے ان نام نہاد قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں کی جھوٹے نعروں میں آکر انہیں کئی بار کامیاب کرایا

قوم کو مذہب اور قومیت کے نام پر بے وقوف بنانے والوں کی سیاست ہمیشہ کیلئے دفن ہوچکی' صوبائی وزیر پی ایچ ای

ہرنائی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، ودا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت صوبے کے تمام شعبوں کی ترقی و فروغ اور خوشحال بنانے کیلئے تمام وسائل کو بروئے کار لارہے ہیں بی اے پی حقیقی معنوں میں صوبے کا حق نمائندگی کا حق ادا کررہی ہیں موجودہ حکومت نے مختصر مدت میں وہ کام کئے ہے جو کہ یہ نام نہاد قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں نے 70 سالوں میں نہیں کیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں صوبے میں ترقی کا سفر جاری ہے قوم کو مذہب اور قومیت کے نام پر بے وقوف بنانے والوں کی سیاست ہمیشہ کیلئے دفن ہوچکی ہے صوبے کے عوام نے 70 سالوں سے ان نام نہاد قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں کی جھوٹے نعروں میں آکر انہیں کئی بار کامیاب کرایا لیکن

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

## منصوبوں پر کام کی رفتار بڑھانے سے ملکی اقتصادی ترقی میں بہتری آئے گی' عاصم سلیم باجوہ

جنوبی بلوچستان کے منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے کا فیصلہ سودمند ثابت ہوگا منصوبوں پر کام کی رفتار بڑھنے سے اقتصادی ترقی آئے گی' بیان

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین برائے سی پیک اتھارٹی عاصم سلیم باجوہ نے کہا ہے کہ منصوبوں پر کام کی رفتار بڑھانے سے ملکی اقتصادی ترقی میں بہتری آئے گی۔ مائیکرو بلاگنگ سائٹ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں چیئرمین سی پیک اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ کا کہنا تھا کہ جنوبی بلوچستان کے منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے کا فیصلہ سودمند ثابت ہوگا منصوبوں پر کام کی رفتار بڑھنے سے اقتصادی ترقی آئے گی۔ گزشتہ روز ہونے والے اہم قومی ترقیاتی کونسل کے اجلاس سے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

# کورونا نہ ہوتا تو تمام سیاسی جماعتیں سڑکوں پر ہوتیں' بلاول بھٹو

کرپشن کے بارے میں عوام کیا کہتے ہیں سب کے سامنے ہے، اتنی کرپشن کسی دور میں بھی نہیں ہوئی، کلبھوشن پر آرڈیننس جاری کردیا

عوام ایک پیج پر ہیں، سلیکٹیڈ عمران کو جانا پڑے گا، وزیراعظم عمران خان کی وجہ سے کرونا کے باعث معیشت کو نقصان پہنچا' میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 25 جولائی کو ہمیشہ یوم سیاہ کے طور پر منایا جائیگا، کرونا نہ ہوتا تو تمام سیاسی جماعتیں سڑکوں پر ہوتیں، عوام ایک پیج پر ہیں، سلیکٹیڈ عمران کو جانا پڑے گا، وزیراعظم عمران خان کی وجہ سے کرونا کے باعث معیشت کو نقصان پہنچا، کرپشن کے بارے میں عوام کیا کہتے ہیں سب کے سامنے ہے، اتنی کرپشن کسی دور میں بھی نہیں ہوئی کلبھوشن پر آرڈیننس جاری کردیا، کہتے ہیں اپوزیشن کو اعتماد میں لینا ضروری نہیں آئین میں لکھا ہے قومی اسمبلی کے اجلاس میں آرڈیننس فوری طور پر پیش کرنا ہے، کشمیر کے سفیر کا نعرہ لگانے والے کلبھوشن کے وکیل بن گئے، آرڈیننس اسمبلی میں پیش کیا جائے، اپوزیشن کے خلاف جھوٹی جے آئی ٹیز کا ہر فورم پر مقابلہ کریں گے عید کے بعد اے پی سی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

## صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک جام روز کا معمول بن گیا

شام پانچ بجے کے بعد رات 11 بجے تک شہر کے مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کا جم غفیر رہتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک جام روز کا معمول بن گیا، شام پانچ بجے کے بعد رات 11 بجے تک شہر کے مختلف شاہراہوں پر ٹریفک کا جم غفیر رہتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے، عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹریفک جام کے مسئلے کے حل کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں شام ہوتے ہی ٹریفک جام ہونا شروع ہوجاتا ہے بلکہ عید قریب کی آمد کے ساتھ ہی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

## سربراہ پاک فضائیہ کا پی اے ایف بیس قادری پر جاری آپریشنل مشقوں کا معائنہ

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی اور اس کی افواج کے جبر و استبداد پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قرار دادوں کے مطابق فوری حل

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

## اگر سول ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹرز پر حملہ اور توڑ پھوڑ کرنے والوں کے خلاف کارروائی نہیں کی تو سخت احتجاج کیا جائے گا، یاسر اچکزئی

3 سے 4 گھنٹے تک مسلح افراد ہسپتال میں موجود رہے لیکن پولیس نے کارروائی نہیں کی، صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صدر ڈاکٹر یاسر اچکزئی نے صوبائی حکومت کو 24 گھنٹے کا الٹی میٹم دیتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ اگر سول ہسپتال کوئٹہ کے ڈاکٹرز پر حملہ اور توڑ پھوڑ کرنے والوں کے خلاف کارروائی نہیں کی تو سخت احتجاج کیا جائے گا، یہ بات انہوں نے سول ہسپتال کوئٹہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر یاسر اچکزئی نے کہا کہ آج پھر سول ہسپتال میں افسوسناک واقعہ پیش آیا، تشویشناک حالت میں

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

## ایک سال سے جموں وکشمیر کے عوام کو بدترین لاک ڈاؤن میں قید کردیا گیا، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019ء بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا ریاست جموں و کشمیر کے خلاف اقدام یوم سیاہ کی حیثیت رکھتا ہے، ایک سال سے جموں وکشمیر کے عوام کو بدترین لاک ڈاؤن میں قید کردیا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

## سول ہسپتال کوئٹہ میں ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت سے مریض جاں بحق

2 ڈاکٹرز آپس میں جھگڑتے رہے کہ یہ مریض میرا ہے آپریشن میں کروں گا' لواحقین

کوئٹہ (آن لائن) سول ہسپتال کوئٹہ میں ڈاکٹرز کی مبینہ غفلت سے مریض جاں بحق، لواحقین نے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ 2 ڈاکٹرز آپس میں جھگڑتے رہے کہ یہ مریض میرا ہے آپریشن میں کروں گا جس کی وجہ سے ڈاکٹرز کے آپس کی جھگڑے کے باعث ہمارا مریض دم توڑ گیا ہے ڈاکٹرز کے لاپرواہی کی وجہ سے ہمارے والد انتقال کرگئے ہیں ڈی ایم ایس نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی جانب سے سرجیکل وارڈ بند کرنے کے احکامات دیئے گئے ہیں تفصیلات کے مطابق ہفتے کو

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

# ماہی گیروں کی حفاظت کیلئے ویسل مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ

حکومت بلوچستان کا صوبے میں سمندری حیات کے تحفظ، طے شدہ مقدار میں ماہی گیری اور ماہی گیروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے ویسل مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ

کشتیوں کی نگرانی کی جائیگی ساتھ ہی ماہی گیروں کو قانونی حدود میں رہنے اور غیر ملکی حدود میں نہ جانے میں بھی مدد کی جائیگی، ساحلی علاقوں میں 15 میٹر سے زائد بڑی کشتیوں کی نگرانی کی جائیگی

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کا صوبے میں سمندری حیات کے تحفظ، طے شدہ مقدار میں ماہی گیری اور ماہی گیروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے ویسل مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروانے کا فیصلہ ساحلی علاقوں میں 15 میٹر سے زائد بڑی کشتیوں کی نگرانی کی جائیگی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت بلوچستان نے پاکستان میں پہلی بار عالمی قوانین پر عملدرآمد کرتے ہوئے صوبے میں 15 میٹر سے زائد بڑی ماہی گیر کشتیوں کی نگرانی کا فیصلہ کرتے ہوئے ان کشتیوں میں ویسل مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس نظام کے تحت کمرشل ماہی گیر کشتیوں کو ماحولیاتی اور ماہی گیری

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

## حکومت نے صوبے میں توانائی کی قلت پوری کرنے کے لیے اہم منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا' شہریار تاج

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے صوبے میں توانائی کی قلت پوری کرنے کے لیے اہم منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا جس کیلئے رواں سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں توانائی کے شعبے کے 67 نئے منصوبوں کے لیے 1642 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی سیکرٹری توانائی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

گنداخہ: سابق وفاقی وزیر میر جہانگیر خان جمالی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

# اداریہ
# EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

جولائی 2020ء

## توانائی کے نئے منصوبے

حکومت بلوچستان نے صوبے میں توانائی کی قلت پوری کرنے کے لیے اہم منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا جس کیلئے رواں سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں توانائی کے شعبے کے 67 نئے منصوبوں کے لیے 1642 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ رواں سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں توانائی کے شعبے کے 67 نئے منصوبوں کے لیے 1642 ملین روپے مختص ہیں۔ صوبے میں انرجی پارکس کی تعمیر کے منصوبوں کے لیے زمین کے حصول کا عمل جاری ہے جن میں سبی میں 5000 ایکڑ، نوکنڈی میں ونڈ انرجی پارک کے لیے 10 ہزار ایکڑ، قلعہ سیف اللہ سولر انرجی پارک کے لیے 2000 ایکڑ اور مستونگ، پشین، خضدار، لورالائی، پنجگور اور لسبیلہ میں سولر انرجی پارک کے لیے ایک ایک ہزار ایکڑ اراضی حاصل کی جارہی ہے۔ بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کے سی ای او کی آسامی جلد عمل میں لائی جارہی ہے جب کہ آئل اینڈ گیس ڈائریکٹریٹ کے قیام کی منظوری ہوچکی ہے۔ یورپین یونین پروجیکٹ کی معاونت سے توانائی کے ماہرین کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جب کہ اسلام آباد میں محکمہ کا کیمپ آفس قائم کیا جارہا ہے، صوبے میں بجلی کی فراہمی کے بنیادی ڈھانچہ کی مضبوطی کے لیے وفاقی حکومت سے معاونت حاصل کی جائے گی۔

## کورونا وارس اور سماج کے "اچھوت" طبقے

انور بلوچ

آج کے جدید دنیا میں صحت کی بنیادی سہولت کے لیے انسانوں کو تذلیل سے گزرنا پڑ رہا ہے جب کہ روزگار چھننے کی وجہ سے بھوک کی وبا کورونا سے زیادہ اذیت ناک موت دے رہی ہے۔ انسانیت گراوٹ کی آخری سطحوں کو چھو رہی ہے۔ عالمی نظام اپنی منطقی انجام کے پیش نظر شدید بحران کا شکار ہے مگر کورونا نامی وبا نے اس کے تمام تر پوشیدہ بحرانات کو شدت کے ساتھ آشکار کردیا ہے جس سے دنیا بھر میں شدید عدم استحکام جنم لے چکی ہے اور دنیا کی معمول ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئی ہے۔

ترقی یافتہ دنیا کی برباد صورتحال کے اندر پاکستان خاص کر بلوچستان جیسے نوآبادیوں کی کیفیت انسانی سماجوں کی کسی بھی معیار پر کہیں پورا نہیں آتی۔ لوٹ کھسوٹ، کشت وخون، عدم تحفظ، بھوک وافلاس، بیروزگاری، صحت وتعلیم کی سہولیات کی عدم موجودگی گویا یہی یہاں کے باسیوں کی مقدر بنادی گئی ہیں۔

وبا کے صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اسی تناظر میں "شیڈ بلوچستان آرگنائزیشن، آواز پاکستان فاؤنڈیشن کے اجالا پروجیکٹ کے تحت" ایک سروے کیا گیا جس سے انسان کی سماجی رویہ اور عالمی وبا کے باعث لوگوں میں بتدریج بڑھتی ہوئی نفسیاتی اثرات ودیگر مسائل کے بارے تاثرات لیے گئے۔ جہاں تفریق مساوات کا شکار معاشرہ کورونا وائرس کی وجہ سے مزید بحرانوں کا شکار ہورہا ہے۔

اس دورانیے میں انٹرویوز عورت کے مسائل خاص کر خواجہ سراؤں اور معذور افراد کی بڑھتی ہوئی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے لیے گئے۔ چونکہ حکام بالا کے غفلت کی وجہ سے جس تیزی سے کورونا پاکستان میں پھیل گیا وہ قابل افسوس ہے اگر وقت پر حفاظتی انتظامات کیے جاتے تو شاید اس وبا سے بچنے کے مواقع زیادہ تھے بعد ازاں سمارٹ لاک ڈاؤن جیسے ڈرامے تو گویا اس بیماری کو مزید پھیلانے کا باعث بن گئے۔ کورونا وائرس سے متاثر ہونا کوئی عجیب سی بات نہیں ایک وبا ہے جس سے انسان کو ہمت وحوصلے کے ساتھ مقابلہ کرنا پڑتا ہے لیکن دوران علاج ومعالج حفاظتی اقدامات ضروری ہیں تاکہ مریض کے ٹھیک ہونے کے ساتھ گھر و معاشرے کے دیگر لوگوں کو بچایا جاسکے۔

ہر عام وخاص کو کورونا چھو رہا ہے بعض لوگوں نے کورونا کو شکست دینے میں کامیابی حاصل کی، لیکن کافی تعداد میں لوگ جان کی بازی ہار چکے ہیں۔

اس دورانیے میں معاشرے میں ایک طبقہ خواجہ سراؤں کا ہے جن کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس کے پیچھے کئی وجوہات ہیں پہلی بات تو خواجہ سرا معاشرے میں اپنی شناخت کے مسئلے کا شکار ہیں جنہیں کمتر قرار دیا جاتا ہے کیونکہ وہ عورت اور مرد دونوں کے صفوں سے باہر تصور کیے جاتے ہیں گوکہ میڈیکلی طور پر مرد وعورت دونوں سے فرق رکھتے ہیں لیکن یہ قدرت کا کرشمہ ہے اس سے انکار اور اس طبقے کو نیچا کہنا انتہائی غلط ہے کسی بھی انسان کی تذلیل کرنا سماجی رویوں کو آشکار کرتا ہوتا ہے۔ خواجہ سرا بھی انسان ہیں اور شرعی، ملکی وبین الاقوامی سطح پر قانونی حقوق رکھتے ہیں جیسا کہ مرد وعورت ملکی وبین الاقوامی سطح پر زندہ رہنے، ودیگر مراعات کا حق رکھتے ہیں۔

خواجہ سراؤں سے ملاقاتیں کرکے جب ان سے انٹرویوز کے ذریعے تاثرات لیے گئے تو اکثریت کہتا تھا کہ عام دنوں میں ہمارے حقوق پامال کیے جاتے ہیں لیکن عالمی وبا کی پیش نظر حکومت سے توقع رکھ رہے تھے کہ ہمارے لیے خاص طور پر صحت کے حوالے سے سہولیات فراہم کریں گے لیکن افسوس سوائے مایوسی کے کچھ ہاتھ نہیں آیا۔ حقوق تنظیمیں ہوں یا دیگر اعلی افسران کا رویہ یا معاشرے کے دیگر لوگوں کا رویہ یکساں طور پر نظر آتا ہے۔ ایک طرف سے سماجی رویوں کی بناء پر ہمارا ڈیرے سے باہر نکلنا محال ہے لیکن دوسری طرف حکومت کی لاپرواہی کی وجہ سے کورونا جیسے وبا سے نمٹنے کے لیے کوئی اقدامات نہیں کیے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا ہمارے لیے ہر تحصیل، شہر، ضلع یا پھر صوبائی سطح پر ہسپتالوں میں وارڈز مختص کیے جائیں تاکہ ہم سماجی رویوں سے بچنے کے لیے بہتر علاج ومعالج کے ساتھ ذہنی طور پر صحت مند رہ کر اس وبا کا مقابلہ کرسکیں۔

وبا کے دنوں میں راشن تقسیم کرنے کے لیے ریلیف کیمپس کے منتظر رہتے تھے لیکن ہمارے ڈیروں کی طرف دیکھنے والا کوئی نہیں تھا۔ بعد ازاں حکومت کی جانب سے "احساس پروگرام" میں بھی ہماری کمیونٹی کو نظر انداز کیا گیا۔

دوسری جانب معذور افراد بھی کئی مشکلات کا شکار ہیں کئی معذور افراد کو عالمی وبا نے اپنی گرفت میں لے رکھا ہے ان کے لیے ہسپتالوں میں کوئی خاص اقدام نہیں خاص کر معذور افراد کو واش روم کا مسئلہ درپیش آتا ہے کورونا کی حفاظتی تدابیر کے مطابق اس بیماری میں مبتلا انسان کو اردگرد ہاتھ لگانے سے سختی سے منع کیا جاتا ہے معذور افراد کا سہارا بننے والے حساس وارڈز میں جانے سے گھبراہٹ کا شکار ہیں ان کے پیارے اگر ٹھیک ہونے کی طرف گامزن ہیں تو وارڈز میں باقی لوگوں کی حالت تشویشناک ہوتی ہے جس سے وبا کا شکار ہونے کا خدشہ ہے۔

بہتر ہوتا حفاظتی اقدامات کرکے معذور افراد کے لیے بھی الگ پرسکون صاف ستھرا سہولیات کے ساتھ وارڈز کی فراہمی کو یقینی بنایا جاتا یا گھروں میں علاج معالجے کے لیے سرکاری سطح پر اقدامات کیے جاتے۔

خواجہ سراؤں اور معذور افراد کے ایسوسی ایشن کے سربراہان نے حکومت وقت سے گزارش کی ہے کہ ان کے لیے گرانٹ جاری کریں اور "احساس پروگرام" میں خاص طور پر اہمیت دیں تاکہ ہم کمتر اور پانچ لوگ بھی معاشرے کے دیگر لوگوں کی طرح زندگی گزار سکیں، کورونا وائرس کی وجہ سے کئی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے ہم ذہنی دباؤ کا شکار ہیں بار بار حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے لئے "احساس پروگرام" میں کوٹہ سسٹم مختص کیا جائے۔

اس رپورٹ میں بلوچستان بھر خاص کر ضلع جعفر آباد کو خاصا توجہ دی گئی انٹرویوز زیادہ تر جعفر آباد کے مختلف علاقوں میں کیے گئے معذور افراد اور خواجہ سراؤں کی حکومت سے اپیل ہے کہ عالمی وبا کے پیش نظر ان کو سہولیات فراہم کریں۔

اسپتالوں میں وارڈز مختص کیا جائے۔ معذور افراد کی حکومت بلوچستان سے درخواست ہے کہ ان کے گھروں میں کورونا ڈاکٹرز وٹیم کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

## لاکھڑا کی اس حالت کا زمیدار کون

نوٹ:: یہ تحریر ان تمام سیاسی جماعتوں کی کارکردگی کا ہے جنہوں نے تحصیل لاکھڑا سے ووٹ

میر عاشق سنگھور بلوچ

لے کر الیکشن میں کامیابی حاصل کی لہذا اس تحریر کو کسی ایک پارٹی یا گروپ کے خلاف نا سمجھا جائے اس تحریر میں بس حقائق پر نظر ڈالی جائے گی

معزز قارئین۔ ہم اکثر سنتے آرہے ہیں کہ فلاں وزیر نے ہمیشہ عوام کی خدمت کی ہے۔ لسبیلہ کی ترقی کا سہرا فلاں فلاں وزیروں کے سر جاتا ہے۔ لیکن کوئی یہ نہیں کہتا کہ لسبیلہ کی تباہی کا زمیدار میں ہوں یا میرا سیاسی قائد ہے۔ کیونکہ اگر آپ اپنے سیاسی قائد کی خوبیاں بیان کرتے ہیں تو ان کی خامیوں پر بھی روشنی ڈالنا آپ کا ہی فرض بنتا ہے

اب 2018 کے الیکشن پر اگر نظر دوڑائی جائے تو تحصیل لاکھڑا میں الیکشن کے دوران بلند وبانگ دعوے کرنے والوں میں تین پارٹیوں کا ذکر آتا ہے جن میں بلوچستان عوامی پارٹی (جوکہ دور حاضر میں بلوچستان پر حکومت کررہی ہے) آزاد امیدوار محمد اسلم بھوتانی (جو اس وقت وفاقی حکومت کے حامی ہیں بطور ایم این اے وفاق میں اپنی جیتی ہوئی سیٹ پر براجمان ہیں) اور تیسرا بلوچستان نیشنل پارٹی (جنہوں نے وفاق کا حصہ بن کر دو سال وفاقی حکومت کا ساتھ دیا جو کہ اب وفاقی حکومت سے علیحدگی اختیار کرچکی ہے)

یہ وہ تین سیاسی پارٹیوں کے لوگ ہیں جنہوں نے الیکشن سے پہلے آکر لاکھڑا میں بہت سے وعدے کیے مگر الیکشن جیتنے کے بعد اپنے ہی کیے گئے وعدوں سے مکر گئے ہیں۔ (یہاں میں وضاحت کرتا چلوں کہ لاکھڑا کے لیے 2018 کے الیکشن کے بعد کم وبیش وعدہ وفا کرنے والی صرف ایک شخصیت ہیں جوکہ اس وقت وزیر اعلی بلوچستان ہیں) مگر کیا بس چند اسکیمیں دینے کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ بس میں نے اپنے وعدے پورے کیے اب مجھے اگلے الیکشن میں پھر سے کامیابی ملے گی۔ نہیں بالکل بھی نہیں آپ وزیر اعلی بلوچستان ہیں آپ پر یہ فرض بنتا ہے کہ آپ کم از کم ہر چھ ماہ کے بعد ان علاقوں کا تفصیلی دورہ کریں جہاں سے آپ کامیاب ہوئے ہیں نا کہ بس چند اسکیمات دینے کے بعد آپ یہ سوچ کر خوش رہیں کہ آپ نے اپنا فرض پورا کرلیا۔

بلکہ آپ نے جو اسکیمات دی ہیں ان اسکیمات پر تو ایک نظر دوڑائیں کہ جو اسکیمات آپ نے اپنے علاقوں کو دیئے ہیں کیا ان پر کام تسلی بخش ہو رہا ہے؟ کہیں کسی کام میں کرپشن تو نہیں ہورہی؟ کہیں کوئی کام کسی ٹھیکیدار نے ادھورہ تو نہیں چھوڑا؟! اسکیم دینے کے بعد بھی آپ پر کئی فرائض و زمیداریاں ہوتی ہیں جنہیں پورا کرنے میں وزیر اعلی بلوچستان اب تک ناکام دکھائی دے رہے ہیں۔

اب آتے ہیں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ کی طرف جی ہاں بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ بھی 2018 کی الیکشن میں تحصیل لاکھڑا میں تشریف آور ہوئے ہیں انہوں نے بھی کئی مقامات کا دورہ کیا تھا لاکھڑا کے سادہ لوح عوام کے ساتھ خوب وعدے کیے مگر اپنی کامیابی کے بعد انہوں نے تحصیل لاکھڑا کا ایک دورہ کرنا بھی گوارا نہیں سمجھا وہ کیا لاکھڑا کی عوام کے ساتھ وعدہ وفا کریں گے۔

اب آتے ہیں آزاد امیدوار ایم این اے لسبیلہ گوادر کی طرف جن کو بھی اسی پسماندہ تحصیل لاکھڑا کی عوام نے بھرپور ووٹ دے کر دو بڑی سیاسی پارٹیوں کی موجودگی میں بھی جتوادیا جوکہ اس وقت وفاقی حکومت کے حامی ہیں اور بطور ایم این اے لسبیلہ گوادر کی سیٹ پر براجمان ہیں۔

جی ہاں آزاد امیدوار محمد اسلم بھوتانی نے بھی لاکھڑا کی سادہ لوح عوام کے ساتھ کوئی کم وعدے نہیں کیے۔ جیسے کہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول لاکھڑا کو اپ گریڈ کرکے انٹر کالج بناؤں گا۔ یہاں کی سڑکوں کی حالت تبدیل کروں گا۔ لاکھڑا کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کروں گا۔ ایسے کئی وعدے کرنے کے بعد جب وہ الیکشن میں کامیاب ہوئے تو دوسرے دن لاکھڑا کی سادہ لوح عوام کو بے وقوف بنانے کے لیے بس ایک چکر لگایا کہ دیکھو میں الیکشن جیتنے کے بعد بھی لاکھڑا کی عوام کو نہیں بھولا۔

جوکہ ایک بار وفاق میں کیا گئے تحصیل لاکھڑا کے لوگوں کو اس طرح بھول گئے کہ اب انہیں اگر لاکھڑا سے کوئی میسج یا کال کرتا ہے کہ اپنے مسائل سے آگاہی دی جائے تو موصوف جواب تک نہیں دیتے اور اخبارات و ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے پروگراموں میں بس ایک ہی رونا روتے ہیں کہ مجھے کام کرنے سے روکا جاتا ہے۔ جناب اب بس بھی کریں خدارا لاکھڑا کی عوام کو مزید بے وقوف نا بنائیں جب آپ گوادر کی عوام کو سولر پینل وغیرہ دے سکتے ہیں تو لاکھڑا کو کیسے نہیں دے سکتے یہ بات میری سمجھ سے بالکل بالاتر ہے کہ بلوچستان کے ایک ضلع میں آپ کو کام کرنے کی اجازت ہے جبکہ دوسرے ضلع میں عوام پر کام کرنے کی پابندی لگادی جاتی ہیں؟ اور جس شخص پر آپ پابندیاں لگانے کا الزام لگاتے ہیں دراصل وہ شخص وزیر اعلی بلوچستان ہیں کیا ان کی صرف ایک ضلع پر حکمرانی ہے؟ کیا باقی اضلاع وزیر اعلی بلوچستان کے حکم کی تعمیل نہیں کرتے؟

خدارا اب آپ تینوں سے گزارش ہے کہ اپنی سیاست چمکانا بند کردیں اور تحصیل لاکھڑا کے مسائل کو حل کرنے کی کوشش کریں۔

یہاں میں تحصیل لاکھڑا کے چند اہم مسائل کی نشاندہی کرتا چلوں کہ اس جدید ترین دور میں بھی لاکھڑا وہ تحصیل ہے جہاں پینے کا صاف پانی تک موجود نہیں لاکھڑا کی عوام کو پینے کا صاف پانی مہیا کیا جائے۔ یہاں کی واحد ہسپتال کو آج بھی 20 سال پرانے کوٹے کی ادویات دی جاتی ہیں جبکہ بیس سال بعد لاکھڑا کی آبادی 40 فیصد تک بڑھ چکی ہے لہذہ لاکھڑا کی واحد ہسپتال کے ادویات کا کوٹا بڑھایا جائے۔ تحصیل لاکھڑا کی آبادی اس وقت تقریباً 36 لاکھ ہے مگر یہاں کوئی انٹر کالج ہے نا ہی کوئی ڈگری کالج بلکہ یہاں تو ہماری بچیوں کو تعلیم دینے کے لیے اب تک گرلز ہائی اسکول تک نہیں ہے لہذہ تحصیل لاکھڑا کی تعلیمی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں۔ تحصیل لاکھڑا کی تقریباً 96 فیصد آبادی کاشتکاری کرکے اپنا گزر بسر کرتی ہے اور تحصیل لاکھڑا میں ایک بھی ڈیم ہے اور نا ہی کوئی ایسی سہولیات ہیں جس سے لاکھڑا کے لوگ سال سال کاشتکاری کرسکیں بلکہ جب بھی لاکھڑا میں پورالی ندی کا بارانی پانی آتا ہے تو یہاں کی ندی نالیوں میں کوئی خاص بندوبست نہیں کیا جاتا کہ وہ آسانی سے پورالی ندی کا پانی ایک علاقے سے دوسرے علاقوں کے زمینداروں کو پہنچا سکیں لہذہ پانی کا دباؤ بڑھتے ہی یا تو پورالی ندی کی بندیں ٹوٹ جاتی ہیں یا تو تحصیل لاکھڑا میں سیلابی صورتحال پیدا ہوجاتی ہے اور سیلابی صورتحال پیدا ہوتی ہی لاکھڑا کے زمینداروں کو شدید مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ تحصیل لاکھڑا میں ہنگامی سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اب تک کوئی مشینری تک موجود نہیں ہے جس کی وجہ سے سیلاب (جاری ہے)

## تربیت کے پیاسے نوجوان نسل

ابوبکر دانش میروانی

"بچے والدین کی بات نہیں مانتے، ہر وقت موبائل فون پر مصروف رہتے ہیں، آج کل کے بچے پڑھائی میں دل چسپی سے زیادہ غیر نصابی سرگرمیوں میں دل چسپی لیتے ہیں۔" "دور جا بالا اوران جیسی بیسیوں قسم کی شکایات تقریباً ہر گھر کا مسئلہ ہیں، والدین بچوں کے مستقبل کو لے کر پریشان دکھائی دیتے ہیں، کیوں کہ قوموں کی شناخت ان کی تہذیب، تمدن اور روایات سے ہوتی ہے، جو اقوام اپنے تاریخی ورثے کے زیر سایہ اپنی نسل نو کو پروان چڑھاتی ہیں، وہ ہمیشہ زندہ وجاوید رہتی ہیں، کیوں کہ ہر قوم کی بقا وسالمیت اسی میں ہے، کہ وہ اپنی روایات واقدار اپنی نئی نسل کو درجہ بہ درجہ منتقل کرتی رہے۔ نسل نو ملک و بام عروج پر پہنچانے کے ساتھ ساتھ تہذیب، تمدن کے بھی وارث ومحافظ ہوتے ہیں۔ ہمارے نوجوان تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ باشعور بھی ہیں، جدید ٹیکنالوجی کی دور میں بھی بڑی محنت ولگن سے آگے بڑھ رہے ہیں، لیکن انہیں اپنی درخشاں تاریخ، ثقافت، زبان وتہذیب سے آگہی بھی ضرور ہونی چاہیے۔ مگر غور طلب بات یہ ہے کہ کیا انہیں اپنے گھر، آس پاس کے ماحول یا بزرگوں سے اپنی تہذیب و روایات کے متعلق کچھ سیکھنے کو مل رہا ہے؟ بچے کی پہلی درس گاہ ماں کی گود ہوتی ہے، جہاں وہ زندگی کا پہلا سبق سیکھتا، اخلاقی تربیت حاصل کرتا ہے، وہ جس ماحول میں آنکھ کھولتا، تربیت پاتا ہے، اس کا اثر بچے کی سوچ و شخصیت پر بھی ضرور پڑتا ہے۔ وہ اپنے والدین کی عادات و اطوار ان کی حرکات وسکنات کو اپنانے کی کوشش کرتا ہے۔ والدین جیسا ماحول مہیا کرتے ہیں، اس کی شخصیت اسی سانچے میں ڈھل جاتی ہے۔ اس ضمن میں والدین کی مثال ایک کمہار کی سی ہوتی ہے، وہ جس سانچے میں اپنی اولاد کو ڈھالیں گے، وہ ویسے میں ڈھل جائیں گے۔ جب آج کے والدین یہ شکایت کرتے نظر آتے ہیں کہ نسل نو ان کی بات نہیں سنتی، کہنا نہیں مانتی یا بد اخلاق ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں ملنے والی تربیت میں کمی ہے۔ اگر نوجوان اخلاقی پستی کا شکار ہیں، تو اس حوالے سے والدین کی ذمے داری ہے کہ وہ شروع ہی سے اپنی اولاد کو ایسی تربیت دیں، کہ وہ اعلی اخلاقی اطوار کے مالک ہوں، انہیں یہ معلوم ہونا چاہیے کہ گھر کے تمام افراد کے ساتھ کیسے پیش آنا ہے۔ کھانے پینے کے آداب، بڑوں سے بات کرنے کا سلیقہ، پڑوسیوں کے حقوق، اپنی تہذیب وتمدن وغیرہ کے بارے میں، انہیں اچھی طرح سمجھانا چاہیے۔ اگر والدین اپنی ذمے داریاں احسن طریقے سے انجام دیتے ہیں، تو ایسا ممکن ہی نہیں ہے کہ نسل نو غیر مہذب یا تہذیب سے نا آشنا ہوں، والدین کے ساتھ ساتھ اساتذہ کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ نسل نو کی اخلاقی تربیت کریں، انہیں صرف درسی تعلیم نہ دیں، بلکہ اپنی تہذیب وتمدن اور روایات سے بھی آشنا کرائیں۔ اچھے استاد کی صحبت کسی بھی انسان کی زندگی بدل سکتی ہے، ایک استاد بچے کی کردار سازی میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اساتذہ سے صرف درسی تعلیم ہی نہیں حاصل کی جاتی بلکہ وہ اخلاقی تربیت بھی کرتے ہیں۔ ان کی ہر بات کا طلبہ پر گہرا اثر ہوتا ہے، اسی لیے کہا جاتا ہے کہ استاد کو اپنا کردار اور شخصیت ہمیشہ مثالی رکھنی چاہیے۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ آج کل، نہ استاد اپنی ذمے داریاں بہتر طور سے ادا کر رہے ہیں، اور نہ ہی نوجوان ان کا ادب کرتے ہیں، مگر اس میں صرف نوجوان کو مورد الزام ٹھہرانا قطعی طور پر درست نہیں ہے۔ آج کل بچے بھی شکایت کرتے نظر آتے ہیں، کہ ان کے والدین کے پاس ان کے لیے وقت ہی نہیں ہے، ظاہر ہے جب تک والدین، اولاد کی تربیت پر توجہ نہیں دیں گے، ان کے ساتھ وقت نہیں گزاریں گے، انہیں تمیز وتہذیب نہیں سکھائیں گے، تب تک نسل نو اپنی تہذیب واقدار یا روایات کیسے سیکھے گی۔ یہ وہ چند وجوہ ہیں، جن کی وجہ سے نوجوان تذبذب کا شکار نظر آتے ہیں۔ جب گھر میں سازگار ماحول نہیں ملتا، تو وہ انٹرنیٹ، موبائل فون وغیرہ کی طرف مائل ہوجاتے ہیں، پھر والدین شکایت کرتے ہیں کہ نسل نو خود سر اور بد تمیز ہے۔ ہم اپنی اقدار و تہذیب کو اپنے ہاتھوں تباہ کر رہے ہیں۔ نسل نو تک ہماری روایات واقدار وتہذیب منتقل ہی نہیں ہو رہیں۔ اس ضمن میں نوجوانوں کی بھی ذمے داری ہے کہ وہ اپنے گھر والوں کے لیے کچھ وقت ضرور نکالیں، کچھ دیر گھر کے بزرگوں وبڑوں کے ساتھ گزاریں، ان کے تجربات کی روشنی میں زندگی گزارنے کے اطوار سیکھیں، اپنے اندر تنقید برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کریں۔ بڑوں یا اساتذہ کی ذات کو غنیمت جانیں اور اپنی اصلاح کی کوشش کریں ہماری ثقافت، ہماری پہچان ہے۔ اسے زندہ رکھنا ہر فرد بالخصوص نسل نو کی ذمے داری ہے کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال پر کلی طور پر پابندی لگانے کے بجائے، اس کے مثبت استعمال کے فوائد اور منفی استعمال کے نقصانات بتائیں، نوجوانوں سے وقت نہ دینے کا شکوہ کرنے کے بجائے، ان کے لیے خود وقت نکالیں، کیوں کہ یہ ان کے مستقبل کا سوال ہے اور اپنی روایات وتہذیب کو اسی صورت نسل نو میں منتقل کیا جاسکتا ہے، جب والدین اور بزرگ اپنی ذمے داریوں کا احساس کریں، اگر والدین، اساتذہ اور بزرگوں نے وقت کی نزاکت کو نہ پہچانا، تو نئی نسل جدید تہذیب کے سیلاب میں بہہ جائے گی اور اس کے ذمے دار ہم خود ہوں گے۔

## حج ادائیگی کا آسان طریقہ

شہزاد عمران رانا ایڈووکیٹ

پاکستان میں بمطابق 29 جولائی، ایک دن کے فرق کے ساتھ سعودی عرب میں تاریخ 8 ذوالحجہ 1441ھ ہو گی اور اسی دن انشاءاللہ حج کا باقاعدہ آغاز ہوگا مگر اس بار بدقسمتی سے عالمی موذی مرض کورونا (COVID-19) کے اثرات کے پیش نظر حج کی سعادت صرف مقامی افراد ہی حاصل کرسکیں گے کیونکہ اس حوالے سے سعودی حکام نے بیرون ممالک کے حجاج کرام کی آمد پر پابندی عائد کررکھی ہے اور اس وقت بین الاقوامی فلائٹس بھی مکمل معطل ہیں۔ میرا آج کا کالم حج ادائیگی کے آسان طریقہ کار پر ہے جو ان حجاج کرام کو فائدہ پہنچا سکتا ہے جو اردو زبان پڑھنا جانتے ہیں۔ طریقہ کار درج ذیل ہے۔

جس دن عرفات کے میدان جانا ہے اس سے ایک دن قبل ایک بیگ تیار کرتا ہے جس میں مندرجہ ذیل اشیاء ہونی چاہیے۔

دو عدد چادر احرام فالتو پاس رکھیں قرآن مجید (چھوٹا سائز) دو سوٹ کپڑے، جوتا ایک گرم چادر ہوا بھرنے والا تکیہ جیبی جائے نماز مناجات مقبول مع ترجمہ ایک عدد تسبیح ایک ہفتے کی دوائی (اگر کھا رہے ہوں) پانی کی چھوٹی بوتل، بسکٹ وغیرہ، فولڈنگ چٹائی کنکریاں والی تھیلی بند ہونے والا جوتا رکھنے والا تھیلہ۔

پلاسٹک کا کڑا حج کے دنوں میں پلاسٹک کا کڑا ہاتھ میں پہننے کا ہے۔

8 ذوالحجہ پہلا دن: ایک کام کرتا ہے (میدان عرفات جاتا ہے)۔

1۔ جانے سے 3-4 گھنٹے پہلے احرام باندھ لیں۔
2۔ اپنے کمرے ہی میں احرام باندھنا ہے۔
3۔ دو رکعت نفل اور حج کی نیت (حج کی نیت کرتا ہوں اسکو آسان فرما اور قبول فرما) اور تین دفعہ تلبیہ بلند آواز میں پڑھیں۔
4۔ حج کا احرام باندھ کر اپنے مکتب / خیمہ میں ہی 5 دن رہنا ہے۔
5۔ نماز کے لئے امام مقرر کرلیں۔
6۔ احرام کی حالت میں پاؤں ڈھانپ سکتے ہیں۔ چہرہ اور سر کھلا رہے۔

9 ذوالحجہ دوسرا دن: دو کام کرنے ہیں۔
ا) وقوف عرفہ (فرض ہے)۔ میدان عرفات میں ٹھہرنا / رکنا۔
ب) وقوف مزدلفہ (واجب ہے)۔ مزدلفہ میں ٹھہرنا / رکنا۔

ا) وقوف عرفہ (فرض ہے):
1۔ میدان عرفات میں زوال سے پہلے دو وقت کے کھانے کا انتظام کریں۔
2۔ قیام ومدت: زوال (ظہر) سے سورج کے غروب ہونے تک۔
3۔ اپنے خیمہ میں ہی نماز اوقات میں پڑھیں۔
4۔ خیمہ کے باہر نکل کر کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر دعا مانگیں۔
5۔ جن لوگوں نے دعا کے لئے آپ کو کہا ہے ان کے لئے دعا مانگیں۔
6۔ توبہ استغفار کرتے رہیں۔
7۔ ایام تشریق جو 23 نمازوں پر مشتمل ہے کی پابندی ضروری ہے۔
8۔ آج مغرب کی نماز عرفات کے میدان میں نہیں پڑھنی ہے۔
9۔ مزدلفہ کے لئے پیدل جانا ہے۔

ب) وقوف مزدلفہ (واجب ہے):
1۔ وقت روانگی: سورج غروب ہونے کے بعد
2۔ دونوں نمازیں (مغرب اور عشاء کے وقت) اکٹھی پڑھنی ہے (ایک اذان ایک اقامت میں عشاء کے وقت دونوں اکٹھی پڑھنی ہے) اور ترتیب نمازیں ہے۔ 3 فرض مغرب، 4 فرض عشاء، 2 سنت مغرب، 2 سنت عشاء، 3 وتر عشاء۔
3۔ رات کو ہی مزدلفہ میں 70 کنکریاں تھیلی میں ڈالیں جو مٹر کے دانے کے برابر اور کھجور کی گٹھلی سے چھوٹی ہو۔
4۔ مزدلفہ میں فجر کی اذان تک کے ٹائم کے وقت (5 منٹ تانے رہے) کرنی ہے۔
5۔ مزدلفہ سے روانگی فجر کی نماز کے بعد واپس منی تک پیدل جانا ہے۔
6۔ مزدلفہ میں رکنے کا وقت فجر کی اذان کے بعد سورج طلوع ہونے تک ہے۔

10 ذوالحجہ تیسرا دن: تین کام کرنے ہیں۔
ا) رمی یعنی کنکریاں مارنا۔ (ب) قربانی۔ (ج) سر کے بال اتروانا۔
1۔ پہلے خیمہ میں پہنچیں اور اپنے بیگ کو وہاں رکھ دیں اور پھر اس کے بعد رمی کریں کیونکہ بیگ ساتھ لے کر جانے کی اجازت نہیں۔
2۔ وقت رمی۔ صبح سورج نکلنے کے بعد سورج غروب ہونے تک اور تمام رات کنکریاں ماری جاسکتی ہیں۔
3۔ تیسرے بڑے شیطان کو سات کنکریاں مارنی ہیں۔
4۔ کنکریاں مارنے کے وقت تلبیہ بند کردیں۔ (تکبیر کہے وقت کوشش کریں)
ب) قربانی کا پتہ کرلیں اور اگر قربانی کی تصدیق ہوجائے تو پھر۔
ج) سر کے بال اتروالیں اور احرام کھول لیں۔

طواف زیارت (فرض حج):
1۔ 12،11،10 ذوالحجہ فجر کے بعد تمام دن سورج غروب ہونے تک۔
2۔ آج ہی مکہ مکرمہ روانہ ہوجائیں اپنے طریق پر۔
3۔ صرف گلے کا بیگ لے کر جائیں۔
4۔ طواف زیارت (سات چکر۔ طواف زیارت 2 نفل۔ سعی۔ استلام نمبر 9)
5۔ طواف زیارت کے بعد واپس منی ہوگی۔

11 ذوالحجہ چوتھا دن اور 12 ذوالحجہ پانچواں دن: دونوں دن ایک ہی کام کرتے ہیں۔
1۔ ظہر تک فارغ۔
2۔ تین جگہ کنکریاں مارنی ہیں بہتر ہے کہ مغرب کے بعد جائیں۔
3۔ وقت رمی۔ زوال ظہر سے سورج غروب ہونے تک اور تمام رات۔
4۔ سات کنکریاں ہر جگہ مارنی ہیں بسم اللہ، اللہ اکبر کہنا ہے۔

12 ذوالحجہ کو ہی مکہ مکرمہ کے لئے روانہ ہوجائیں۔

الوداعی طواف (واجب):
1۔ اپنے ملک واپس آنے سے چو گھنٹے پہلے الوداعی طواف کریں جو واجب اور ضروری ہے۔
2۔ عام کپڑوں میں۔
3۔ پہلے تین چکر بغیر رمل کے (اکڑ کے نہیں چلنا)۔
4۔ سات چکر واجب طواف دو نفل۔
5۔ سعی نہیں کرنی۔

یہ تھا حج ادائیگی کا آسان طریقہ۔ یہ کالم میں نے اپنے والد محترم کی مدد سے لکھا ہے جو 2016 میں حج کی سعادت حاصل کرنیوالے خوش نصیبوں میں شامل تھے۔ چند ترجیحی کورسز میں، میں خود بھی ان کے ساتھ رہا مگر میں اب تک حج کی سعادت حاصل نہیں کرسکا۔ آخر میں اللہ تعالی سے دعا کرتا چاہوں گا کہ جو لوگ اس سال حج کی سعادت حاصل کرنے جارہے ہیں ان کی عالمی موذی مرض کورونا (COVID-19) سے حفاظت فرما اور تمام قارئین سمیت مجھے بھی حج کی سعادت جلد اور بار بار نصیب فرمائے۔ آمین

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE

پنجاب میں آٹے کی قیمت میں اضافہ حکومت بے بس۔ خبر

## بلوچستان میں عدم تحفظ کا احساس

کوئٹہ میں امن وامان کا مسئلہ ایک بار پھر سر اٹھا رہا ہے اور عوام الناس میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے۔ کوئٹہ شہر کو پرامن شہر بنانے اور شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے

بلوچستان پولیس سربراہ کے مطابق حفاظتی تدارک کیلئے مشاورت کا سلسلہ جاری ہے، سکیورٹی کے انتظامات سخت کردیئے ہیں۔

سیف سٹی منصوبہ محرم سے قبل فعال نہیں ہوسکے گا، ہنگامہ آرائی کرنے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی، ایڈیشنل آئی جی عبدالرزاق چیمہ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ عید الاضحی اور محرم الحرام کے دوران بلوچستان میں دہشتگردی کے خدشات موجود ہیں۔

انکا کہنا تھا کہ سیف سٹی منصوبہ محرم سے قبل فعال نہیں ہوسکے گا، بکرا منڈی میں ہنگامہ آرائی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی، کوئٹہ شہر میں اسٹریٹ کرائمز کی شرح کو کم کرنے کے لئے کارروائیاں شروع کردی گئی ہیں۔

یہ بات انہوں نے ڈی آئی جی ایف سی بریگیڈیئر عرفان، کمشنر کوئٹہ عثمان علی خان، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ طارق جاوید مینگل کے ہمراہ علماء کرام، تاجر تنظیموں سے عیدالاضحی کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی قبل ازیں سکیورٹی حکام، ضلع انتظامیہ، علمائے کرام، تاجر تنظیموں کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں عیدالاضحی کے حوالے سے مشاورت اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں مولانا انوار الحق حقانی، ڈاکٹر عطاء الرحمن، جناب علامہ محمد جمعہ اسدی، علامہ مقصود علی ڈومکی، علامہ سید ہاشم موسوی، داؤد آغا، عبدالرحیم سمیت دیگر نے شرکت کی۔

اس وقت شہر میں جرائم کی شرح میں اضافہ باعث تشویش ہی نہیں بلکہ قابل فکر بھی ہے کہ عید الاضحی کی آمد آمد ہے اور عوام قربانی کے جانوروں کی خریداری کررہی ہے اور ایک گروہ انہیں لوٹنے کیلئے سرگرم ہے۔ خبر ہے کہ مویشی منڈی میں لوٹ ماری، جیب تراشی اور ڈکیتیوں سے عوام کو سخت پریشانی کا سامنا ہے۔ اس کے علاوہ جبری ٹیکس کی وصولی کا سلسلہ بھی شروع ہے جبکہ انتظامیہ اور پولیس بے بس نظر آتی ٹھاٹھک دے رہی ہے۔ دوسری طرف شہر میں گرم علاقے سے آنے والے بھکاریوں کی یلغار نے شریف شہریوں کو پریشان کررکھا ہے۔ یہ بھکاری جن میں عورتیں بھی شامل ہیں چھوٹے چھوٹے جرائم میں بھی ملوث پائے گئے ہیں۔

کوئٹہ سمیت پورے بلوچستان میں امن وامان کے حوالے سے گزشتہ دنوں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماؤں کی پریس کانفرنس ہوئی جس میں کہا گیا کہ آج کل بلوچستان کے حالات انتہائی خراب ہے، ملک ولی کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کے ہر شہر میں قتل عام کیا جارہا ہے، ملک ولی کاکڑ کا کہنا تھا کہ وڈھ میں ایک ہندو کو قتل کرکے خوف وہراس پھیلایا گیا، ملک ولی کاکڑ نے مزید کہا کہ سینٹر کارکنوں کو قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہے، حکومت اس سلسلے میں کوئی کردار ادا نہیں کررہی، حکومت انتظامیہ اور انتظامیہ حکومت کا نام لیتی ہے، ملک ولی کاکڑ کا موقف ہے کہ۔

موجودہ حکومت کہتی ہے ہمارے پاس اختیارات نہیں ان لوگوں کو پکڑنے میں، ملک ولی کاکڑ نے بتایا کہ ترقی کے نام پر قبضہ گیری جاری ہے۔ ملک ولی کاکڑ

کوئٹہ: بلوچستان میں کسی علاقے میں کمشنر اور ڈی سیز کی کوئی نہیں مانتا، ملک ولی کاکڑ

کوئٹہ: اگر حالات ایسے رہے تو بلوچستان میں خانہ جنگی شروع ہوگی، ملک ولی کاکڑ

کوئٹہ: اگر حالات ٹھیک نہیں ہوئے تو احتجاج کرینگے، ملک ولی کاکڑ

کوئٹہ: کالعدم تنظیمیں دوبارہ سے بلوچستان میں فعال ہورہے ہیں، اکبر مینگل

کوئٹہ: بھتہ وصولی کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کو پہلے سے آگاہ کردیا تھا، اکبر مینگل

کوئٹہ: ضلعی انتظامیہ کہتی ہے کہ ان افراد کے نام نہ بتائے نامعلوم افراد کہا جائے، اکبر مینگل

کوئٹہ: بی این پی کو واپس حکومت کی جانب رجوع کروانے کیلئے ایسے اقدامات کیے جارہے ہیں، اکبر مینگل

کوئٹہ: حالات بگڑی اور اسے خراب کرکے کالعدم تنظیموں کا نام لیتے تھے، اکبر مینگل نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی کمانڈنٹ پر دستہ اسکواڈ نے حملہ کرکے کالعدم تنظیم کا نام لیا، صوبائی حکومت میں شامل ہونے کیلئے دباؤ دیا گیا۔

## خضدار نوتعمیر شدہ سڑکیں معیار اور پارٹیوں کے دعوے

یونس بلوچ

کچھ دنوں سے ایک شور سا محسوس ہورہا ہے، بلوچستان عوامی پارٹی اور جمعیت علماء اسلام کے کارکنان کی چیخ بھی سنائی دے رہی ہے، ایک دوسرے کے خلاف جملہ بازی بھی سوشل میڈیا میں نظر آرہی ہے، جمعیت علماء اسلام کے کارکنان یہ فرمارہے ہیں کہ خضدار کے مختلف یونین کونسلوں میں جو سڑکیں پختہ کیے جارہے ہیں وہ ایم پی اے خضدار کے فنڈز سے بن رہی ہیں جبکہ دوسری جانب بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان یہ صدا بلند کررہے ہیں کہ یہ ترقیاتی اسکیمات آغا شکیل درانی کی تجویز کردہ ہیں دونوں طرف سے چیخ وپکار اور عوام کو قائل کرنے عوام کو باور کرانے کی کوششیں برابر جاری ہیں کبھی باپ کے لوگ زیر تعمیر سڑکوں کا معائنہ کرکے اپنے فوٹوز سوشل میڈیا پر دے رہے ہیں تو کبھی جمعیت علماء اسلام کے زمہ داران سڑکوں کا معائنہ کرکے اپنی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل کر رہے ہیں بہرحال یہ بات طے ہیں کہ سڑکیں ایم پی اے کے مختص فنڈز سے تعمیر ہورہے ہیں یا کہ آغا شکیل احمد درانی کی تجاویز ہے۔۔۔۔ تعمیر خضدار کی ہورہی ہے یہ اچھی بات ہے اور خضدار کی تعمیر وترقی کی ہر ممکن طریقے سے فائدہ عوام الناس کا ہی ہوگا یہ جو ترقیاتی اسکیمات ہیں یہ سڑکیں تعمیر ہورہی ہیں، یہ جو ادارے بن رہے ہیں یہ عوام پر قطعی طور پر کسی کا احسان نہیں ریاست جو مختلف مدات میں عوام سے ٹیکس لے رہی ہے وہ دوبارہ عوام پر خرچ کررہی ہے بس اتنی سی بات ہے مطلب عوام کا پیسہ عوام پر خرچ ہو رہا ہے جب عوام کا پیسہ عوام پر خرچ ہورہا ہے تو اس میں شور شرابے کی کیا بات ہے؟؟ کریڈٹ لینے کی کیا ضرورت ہے کیا اب بھی لوگ بے شعور ہیں کوئی پارٹی ٹرانسفارمر پر، تعمیر شدہ سڑک کے کنارے، ٹیوب ویلوں کی ٹرانسفارمروں پر اپنی بورڈ نصب کرے گی تو لوگ سمجھیں گے کہ یہ اس کی کمالات ہے نہیں ہرگز نہیں اب عوام میں یہ شعور آچکا ہے کہ یہ اسکیمات ان کے اپنے پیسوں سے بن رہی ہیں جو وہ ریاست کو ٹیکس کی صورت میں ادا کرتے چلے آرہے ہیں جمعیت علماء اسلام اور بلوچستان عوامی پارٹی کے کارکنان کی اس جنگ میں جو نقصان ہورہا ہے وہ عوام الناس کا نقصان ہو رہا ہے وہ نقصان یہ ہے کہ پارٹیاں کریڈٹ لینے کی چکر میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوششوں میں مصروف عمل ہے اور ٹھکیدار غیر معیاری کام کرکے چٹ منگنی اور پٹ بیاہ کی مانند سڑکیں پختہ کرکے نہ معیار کا خیال رکھ رہے ہیں اور نہ ہی خوبصورتی کا۔۔۔، جہاں جہاں سڑکیں پختہ ہورہی ہیں ان میں اکثریت میں کام کا معیار انتہائی ناقص ہے اور قوی امکان ہے کہ یہ تمام سڑکیں بہت جلد ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوجائیں گے اور یوں عوام الناس کے لئے آنے والی فنڈز ٹھکیداروں کے غیر معیاری کام کے نظر ہوجائیں گے اس صورتحال میں جہاں عوام الناس، سوشل ایکٹیوسٹ، سیاسی کارکنان، صحافی حضرات بلکہ سب سے بڑھ کر سیاسی جماعتوں کا کردار بنتا ہے کہ وہ ان ٹھکیداروں کی غیر معیاری کام کا نوٹس لیں اس میں متعلقہ محکموں کے سیکرٹری، ڈویژن کے کمشنر، ڈپٹی کمشنر صاحب سمیت تمام اختیارداروں سے ملکر ناقص مٹریل کے استعمال کو روکنے کی استدعا کریں اور یہ زمہ داری بھی سب سے زیادہ جمعیت علماء اسلام اور (جاری ہے)

GOVERNMENT OF PAKISTAN

REQUEST FOR
EXPRESSION OF INTEREST

NATIONAL SAVINGS

(IT CONSULTING SERVICES – FIRM SELECTION)

| | |
|---|---|
| PROJECT | PAKISTAN FINANCIAL INCLUSION & INFRASTRUCTURE PROJECT ("FIIP") |
| ASSIGNMENT TITLE | HIRING OF IT CONSULTANCY FOR IT PROCUREMENT AND IMPLEMENTATION SUPPORT FOR DIGITIZATION OF CENTRAL DIRECTORATE OF NATIONAL SAVINGS (CDNS) |
| REFERENCE NO | PK-CDNS - FIIP-157881-CS-QCBS (AS PER PROCUREMENT PLAN) |
| LOAN NO | PK-5989 (PART B) |
| PROJECT ID | P159428 |

The Government of Pakistan has received financing from the World Bank toward the cost of the Financial Inclusion & Infrastructure Project and intends to apply part of the proceeds for IT consulting services. The consulting services include BPR study, drafting of IT strategy for Central Directorate of National Savings (CDNS), preparing bid documents, conducting RFP evaluations, and selection of vendors, along with supporting the project implementation throughout the currency of the project. The advisory services will complement the institution's ongoing efforts to improve efficiency, effectiveness, and transparency through the automation of branch networks, IT digitization, and deployment of core banking solution (narrow) and Enterprise Resource Planning (ERP) solutions. The assignment is expected to take two years and shall ensure full consistency with the TORs referred to in this REoI. The detailed Terms of Reference (TOR) for the assignment may be found at following links:

http://www.finance.gov.pk/tenders_active.html
http://savings.gov.pk/procurements-tenders-auctions/tenders/
https://projects.worldbank.org/en/projects-operations/procurement?showrecent=true&srce=notices

The Financial Inclusion & Infrastructure Project now invites eligible IT consulting firms ("Consultants") with software experience to indicate their interest in providing the services. Interested Consultants should provide information demonstrating that they have the required qualifications and relevant experience to perform the Services. The IT consulting firm/joint venture should have at least 05 years of experience in conducting the BPR study, drafting IT strategy and plan, and conducting IT procurements and implementation for a similar project for a large financial institution.

The attention of interested Consultants is drawn to Section III, paragraphs, 3.14, 3.16, and 3.17 of the World Bank's "Procurement Regulations for IPF Borrowers, July 2016 Revised November 2017 and August 2018", setting forth the World Bank's policy on conflict of interest. Consultants who have a conflict of interest for this assignment will not be shortlisted.

Consultants may associate with other firms in the form of a JV/sub-consultancy to enhance their qualifications. A Consultant will be selected in accordance with the Quality and Cost-based Selection (QCBS) method set out in the Procurement Regulations.

Further information can be obtained at the address below during office hours 1000 to 1600 Pakistan Standard Time. Expressions of Interest must be delivered in a written form to the address below (in person, or by mail/courier and by e-mail) by or before **1400 hours Pakistan Standard Time (PST) on Tuesday, 25th August, 2020.**

**Director (IT & Procurement)**
Financial Inclusion & Infrastructure Project
Central Directorate of National Savings
23-N, Savings House, G-6 Markaz, Civic Centre Islamabad, Pakistan 44000
E-mail: waleed.younus@fiip.gov.pk | Tel: +92-51-9206604

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

**شال بقیہ 1**

تجزیے تھے کہ حکومت کی کووڈ 19 مینجمنٹ اس سے لوگ مطمئن نظر نہیں آرہے تھے اور وہ سندھ کی حکومت کے سمارٹ لاک ڈاؤن کی حکمت عملی اور ان کے سخت لاک ڈاؤن کی نشاندہی کرتے تھے اور سوال کرتے تھے کہ پنجاب اور مرکزی حکومت ایسا کیوں نہیں کر رہی۔ انہوں نے کہا کہ ماہرین کے تجزیے کے مطابق 30 جولائی تک پاکستان میں 12 لاکھ کورونا سے متاثر مریض اور 50 ہزار کے قریب اموات ہونی تھیں، اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اللہ نے پاکستان کو محفوظ رکھا اور نہ 12 لاکھ مریض ہیں، نہ 50 ہزار اموات ہیں، جو ہوئی ہیں ان کا بھی ہمیں بہت دکھ ہے اور ہم متاثرہ خاندانوں سے اظہار ہمدردی کرنا چاہتے ہیں۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ اسی وبا سے نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان کے وائس چانسلر کا انتقال ہوا، میری دعا ہے کہ اللہ انہیں اور اس وبا سے جاں بحق دیگر افراد کی مغفرت فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اسمارٹ لاک ڈاؤن کی جو حکمت عملی تھی، وہ کارآمد ثابت ہوئی اور آج دنیا نے اس کی تقلید کی ہے اور عمران خان صاحب نے جو وژن دیا تھا، آج دنیا کے بہت سے ممالک اس کی پیروی کر رہے ہیں۔

**شال بقیہ 2**

انہوں نے کہا کہ صوبے میں آنے والے سیاحوں کو ساحل سمندر پر تفریح فراہم کرنے کیلئے 1 ہزار ملین روپے کی لاگت سے 8 جیٹیاں بنائی جائیں گی جو کہ ماہی گیری کے مقاصد کے لئے بھی استعمال کی جاسکیں گی، انہوں نے کہا کہ 250 ملین روپے کی لاگت کے ساحلی علاقوں میں 5 پچ پارکس تعمیر کرنے کا منصوبہ بھی رواں سال کے بجٹ میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں لوگوں کے روزگار کا بڑا ذریعہ ماہی گیری ہے اس سلسلے میں ساحلی علاقوں میں 8 ماہی گیری کے علاقے مختص کرنے کے لئے 200 ملین روپے کی لاگت سے فیزیبلٹی اسٹڈی کی جارہی ہے جبکہ صوبے میں 500 ملین کی لاگت سے بلوچستان گرین بوٹ منصوبہ بھی شروع کیا جائیگا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ سمندری حیات کے تحفظ کے لئے شجرکاری اور سنگار ہاؤسنگ اسکیم گوادر میں سن سیٹ پارک بھی تعمیر کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ کنڈ ملیر میں سیاحوں کی بڑی تعداد آتی ہے جسے مد نظر رکھتے ہوئے 22 کمروں پر مشتمل سیاحوں کے لئے قیام گاہ بنائی جائی گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقے معاشی اور معاشرتی سرگرمیوں کے لئے بہترین ہیں یہاں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہونے کے ساتھ ساتھ سیاحتی مقامات بھی ہیں جنہیں ہر لحاظ سے بہتر بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی۔

**شال بقیہ 3**

کہ بین الصوبائی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کے فروغ کے ذریعہ ملک کی تعمیر و ترقی کے اہداف حاصل کیئے جاسکتے ہیں گزشتہ چند ماہ میں پنجاب اور بلوچستان کے عوام اور حکومتوں کے باہمی تعلقات مزید مضبوط ہوئے ہیں ملاقات میں چاروں صوبوں کے درمیان باہمی روابط کے فروغ کے لئے اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا بلکہ وزیراعلیٰ پنجاب نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بڑے بھائی کی حیثیت سے پنجاب قومی امور پر دیگر صوبوں کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتا ہے انہوں نے اپنے حالیہ دورہ بلوچستان کے دوران مہمان نوازی پر وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کیا ملاقات میں اتفاق کیا گیا کہ چاروں وزراء اعلیٰ کے صوبوں کے باہمی دوروں کو مزید فروغ دیا جائے گا وزیراعلیٰ بلوچستان اور چیئرمین سینیٹ نے بلوچستان کی ترقی میں دلچسپی لینے اور عملی معاونت پر وزیراعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔

**شال بقیہ 4**

اور ایس او پیز کا خیال رکھیں جبکہ بچوں اور بوڑھے رش والی جگہوں پر جانے سے اجتناب کریں، لیاقت شاہوانی کا کہنا تھا کہ جون کے مہینے میں کورونا کے کیسز کی شرح 24 فیصد تھی، گزشتہ ماہ کے مقابلے میں کیسز کی شرح میں 50 فیصد کمی آئی ہے، اس دوران ٹیسٹ کرانے کی شرح میں بھی کمی آئی ہے، ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ پانچ دنوں میں بلوچستان میں 135 کیسز رپورٹ ہوئے، اور اس دوران صوبے کے 24 اضلاع سے کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ لیاقت شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان میں صحتیاب افراد کی شرح 5.85 فیصد ہے، صوبے میں اس وقت صرف 22 مریض اسپتال میں زیر علاج ہیں دیگر متاثرہ افراد گھروں میں آئسولیشن میں ہیں، ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں شوگر کا کوئی بحران نہیں ہے قیمتیں بھی مستحکم ہیں، ان کا کہنا تھا کہ اسکول کھولنے سے قبل واضح ایس او پیز فراہم کی جائیں گی، ان کا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان میں ٹڈی دل سے گندم، سبزیوں کی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے، ٹڈی دل کے تدارک کیلئے کام جاری ہے، ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ چیف سیکرٹری بلوچستان کو جو کیش ایوارڈ ملا تھا ان کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر ہوا ہے لیکن انہوں نے وصول نہیں کیا ہے اور ایک دو دن میں رقم واپس کریں گے۔

**شال بقیہ 5**

کورونا وباء سے نا صرف نبرد آزما ہوئے بلکہ معیشت، صحت دونوں کو اہمیت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب جوان پروگرام، یکساں نصاب تعلیم، بلین ٹری سونامی، ترقی کے سفر کا آغاز ہیں، سی پیک کی رفتار تیز، ڈیمز کی تعمیر اور کم آمدن والے افراد کیلئے اقدامات کیے گئے، ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں جدوجہد جاری رہے گی۔

**شال بقیہ 6**

کا دفاع اور دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا جانتی ہیں دہشت گردی کے واقعات میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا شہیدوں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز ملک کے دفاع میں اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہی ہیں ہم سب کو ان پر فخر ہے ہم شہید ہونے والے اہلکار کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

**شال بقیہ 7**

کولیڈ شہباز شریف کریں گے۔ ہفتہ کو 25 جولائی 2018ء کے الیکشن کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 25 جولائی ہمیشہ یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا، اس دن کو منانا بہت ضروری ہے، کورونا وائرس نہ ہوتا تو سب سیاسی جماعتیں اس دن کو سڑکوں پر مناتی۔ انہوں نے کہا کہ 25 جولائی کو امیدواروں کو نتائج کے لئے 3 تین روز تک انتظار کرنا پڑا، ملک بھر میں پولنگ ایجنٹس کو پولنگ اسٹیشنز سے باہر نکالا گیا، جتنا اس الیکشن نے نظام کو نقصان پہنچایا اتنا کبھی نہیں ہوا، پیپلز پارٹی کے لاڑکانہ کے کیمپ میں دھماکا ہوا مگر یہ خبر بھی نہ بنی، میڈیا کو بھی رسائی نہیں دی گئی، اب سارے ملک کے عوام ایک پیج پر ہیں، اس سلیکٹڈ عمران کو جانا پڑے گا۔

**شال بقیہ 8**

ان قوم پرستوں اور مذہبی جماعتوں نے اقتدار کی کرسی تک پہنچنے کے بعد وہ اپنے وعدوں سے

کر جاتے بلکہ کامیابی کے بعد یہ سیاسی مداری اپنے عوام سے ملنا بھی گوارا نہیں کرتے تھے جس کا انتقام قوم نے اپنے ووٹ کی پرچی کے ذریعے 25 جولائی 2018 کے عام انتخاب میں قوم نے ان سے لے لیا تھا عوام باشعور ہوچکے انہیں اپنے حقیقی نمائندوں کی پہچان ہوچکا ہے مسترد شدہ اور شکست خوردہ عناصر کی شکست کی دوسری برسی ہے اب ہمیشہ کیلئے ان شکست انکی مقدر بن چکی ہے آنے والے انتخاب میں بی اے پی صوبے کے تمام حلقوں سے کامیابی اپنے کارکردگی کی بنیاد پر حاصل کریگی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ کوئٹہ پیکج سے صوبائی دارالحکومت کا نقشہ تبدیل ہوجائے گا اور کوئٹہ کا شمار ملک کے خوبصورت ترین شہروں میں ہوگا وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان خود ہی کوئٹہ کی خوبصورتی کیلئے جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کر رہے ہیں۔

**شال بقیہ 9**

قوانین کی پاسداری کروانے میں مدد ملے گی ساتھ کشتیوں میں کیے جانے والے شکار کی طے شدہ مقدار اور نایاب سمندری حیات کے تحفظ کو فروغ ملے گا نگرانی کے جدید نظام کے تحت ایک کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر گوادر میں تعمیر کیا جائیگا جس سے کشتیوں کی نگرانی کی جائیگی ساتھ ہی ماہی گیروں کو قانونی حدود میں رہنے اور غیر ملکی حدود میں نہ جانے میں بھی مدد کی جائیگی جبکہ خودکار نظام کے تحت کسی بھی ہنگامی صورتحال یا حادثے کی صورت میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں اطلاع دینے میں مدد ملے گی۔

**شال بقیہ 10**

سے عملدرآمد اور خاص کر خلاف ورزیوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ مختلف صوبوں میں حفاظتی تدابیر کی خلاف ورزیاں دیکھنے میں آئی ہیں، پورے پاکستان میں غیر قانونی مویشی منڈیوں کو بند کیا گیا، جرمانے کیے گئے اور قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی گئی۔ فورم میں شاپنگ پلازہ، سبزی منڈیوں اور مویشی منڈیوں میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے استعمال کے ذریعے خلاف ورزیوں کے مشاہدے پر بریفنگ دی گئی۔ وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت کے مطابق ہمیں یہ عید سادگی سے منانی چاہیے۔ اسد عمر نے کہا کہ عید پر تفریحی مقامات کا رخ نہ کریں اور عید پر اجتماعات سے گریز کریں، نماز میں سماجی فاصلوں اور دی گئی ہدایات پر عمل سے وبا پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ مویشی منڈیوں میں حفاظتی تدابیر کو ہر ممکن یقینی بنایا جائے گا، ملک بھر میں 527 غیر قانونی مویشی منڈیوں کو سیل کر دیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق پنجاب میں 2699 خیبر پختونخوا میں 255 اور اسلام آباد میں تین منڈیاں شامل ہیں، ایس او پیز کے خلاف پنجاب میں مختلف مقامات پر 13 کارروائیاں کی گئیں مختلف صوبوں میں مجموعی طور پر 21755 روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔

**شال بقیہ 11**

ان کے تقدیر میں انقلابی تبدیلی بھی رونما ہوگی اپنے ایک پیغام میں صوبائی وزیر نے کہا کہ لاء کالج تربت کی عمارت زیر تعمیر ہے اس کے کام کی تکمیل سے علاقے کے عوام کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگا۔ جس سے تربت، پنجگور، کیچ اور علاقے کے دیگر اضلاع کے طلباء و طالبات کو اپنے شہر کے اندر رہ کر قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے مواقع میسر ہوں گے انہوں نے کہا کہ تربت کیلئے کم وقت میں ریکارڈ ترقیاتی کام کیے ہیں۔ جس کی نظیر ماضی میں بہت کم ملتی ہے انہوں نے کہا کہ وہ عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں اور اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی کاموں کو منصوبہ بندی کرتے وقت اولین فوقیت دیتے ہیں صوبائی وزیر نے اس امید کا اظہار کیا کہ علاقے کے طلباء و طالبات قانون کی ڈگریاں حاصل کرنے کے بعد صوبے اور ملک کی عدالتی نظام کی بہتری کیلئے اپنی توانائیاں صرف کریں گے۔ اور عدالتی محاذ پر ملک کے ساکھ کو اور اونچا لے جانے کی کوشش کریں گے انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے علاقے کے طلباء خاص طور پر طالبات کو قانون کی تعلیم کے حصول میں کافی دشواریوں کا سامنا تھا۔ ان کو کوئٹہ، کراچی اور ملک کے دیگر شہروں میں قانون کی تعلیم کیلئے جانا پڑتا تھا غریب طلباء کو اس مد میں رہائش اور دیگر اخراجات اضافی بوجھ بھی سہنا پڑتا تھا بہت جلد ان مشکلات سے ان کو چھٹکارا مل جائے گا۔

**شال بقیہ 12**

بلوچستان نے پاکستان میں پہلی بار عالمی قوانین پر عملدرآمد کرتے ہوئے صوبے میں 15 میٹر سے زائد بڑی ماہی گیر کشتیوں کی نگرانی کا فیصلہ کرتے ہوئے ان کشتیوں میں ویسل مانیٹرنگ سسٹم نصب کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس نظام کے تحت کمرشل ماہی گیر کشتیوں کو ماحولیاتی اور ماہی گیری قوانین کی پاسداری کروانے میں مدد ملے گی ساتھ کشتیوں میں کیے جانے والے شکار کی طے شدہ مقدار اور نایاب سمندری حیات کے تحفظ کے فروغ ملے گا نگرانی کے جدید نظام کے تحت ایک کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر گوادر میں تعمیر کیا جائیگا جس سے کشتیوں کی نگرانی کی جائیگی ساتھ ہی ماہی گیروں کو قانونی حدود میں رہنے اور غیر ملکی حدود میں نہ جانے میں بھی مدد کی جائیگی جبکہ خودکار نظام کے تحت کسی بھی ہنگامی صورتحال یا حادثے کی صورت میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں اطلاع دینے میں مدد ملے گی۔

**شال بقیہ 13**

سامنے آشکار کرتے رہیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ 25 جولائی کو ہونے والے انتخابات میں ایک نااہل اور کرپٹ لوگوں کو پاکستانی عوام پر مسلط کرلیا گیا ایسے لوگ جو بار بار وعدے اور دعوے کر کے ان سے مکر جاتے ہیں حکمرانوں نے الیکشن سے قبل دودھ اور شہد کی نہریں بہانے کے دعوے کیے تھے مگر صورتحال یہ ہے کہ آج ملک میں ہزاروں لوگوں کو بے روزگار کر دیا گیا ہے بلکہ ہزاروں سے روزگار چھینے کیلئے حکومت بر سر پیکار ہے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ ہونا اس کا ثبوت ہے ملک میں مہنگائی عروج پر ہے لیکن حکمران خواب غفلت کی نیند سو رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت دو سال کے طویل عرصے میں مقررہ اہداف حاصل نہیں کرسکی اس لئے فوراً مستعفی ہوجانی چاہیے۔ اقتدار سے قبل عمران خان نے ووٹ لینے کیلئے قوم سے جو وعدہ کیا تھا ایک وعدے پر بھی عمل درآمد نہیں کراسکا۔ دو سالہ حکومتی کارکردگی صفر ہے۔ معاشی طور پر ریاست عدم استحکام کا شکار ہوا۔

**شال بقیہ 14**

حکومت مسلط کی گئی تھی، دو سالوں میں پاکستان میں کیے گئے حکمرانی کے تجربہ سے ملک کو بہت نقصان پہنچا، شہباز شریف نے کہا کہ ملک کے دس سالوں میں معیشت کی اتنی بدتر حالت نہیں ہوئی جتنی دو سالوں میں ہوگئی ہے۔

**شال بقیہ 15**

نے پاکستان بزنس کمیونٹی کی خدمات کے اعتراف میں کاروباری شخصیات کو تعریفی اسناد دیں، شبیر مرچنٹ، احمد شیخانی، اقبال داؤد اور دیگر کاروباری افراد کو اسناد دی گئیں۔

**شال بقیہ 16**

ہے لیکن بلوچستان عوامی پارٹی صوبے کو پسماندگی کے اندھیروں سے نکال کر بہتری کی جانب لیکر جانا چاہتی ہے، انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں بالخصوص بلوچستان عوامی پارٹی نے صوبے کی ترقی و خوشحالی سمیت دیگر اہم شعبوں جن میں قانونی اصلاحات، صوبے کی بہتر نمائندگی، مواصلاتی نظام کی بہتری، ساحلی علاقوں کی ترقی، صوبے میں سیاحت کو فروغ و دیگر سماجی و اقتصادی ترقی شامل ہیں پر خصوصی توجہ دی ہے حال ہی میں بلوچستان عوامی پارٹی کی تجویز پر ہی سینیٹ میں صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافے کا بل بھی منظور ہوا جس کے قومی اسمبلی سے بھی منظور ہونے کے بعد بلوچستان اسمبلی میں عوامی نمائندگی میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی پر امن اور خوشحال بلوچستان کی تعمیر کے مشن پر کار فرما ہے اور مستقبل قریب میں حکومت کے مثبت اقدامات کے ثمرات عوام تک پہنچیں گے۔

**شال بقیہ 17**

ڈویژن نے تمام پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں سے تفصیلات طلب کرلیں۔ وزارت پاور ڈویژن ترجمان نے کہا کہ عام پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی بجلی کی طلب، رسد کا ڈیٹا فراہم کرے اور عید کے دوران صارفین کو 24 گھنٹے بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ترجمان کے مطابق ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے عملہ 24 گھنٹے موجود رہے گا۔

**شال بقیہ 18**

کرسکتے، سرکاری ملازمین کی جانب سے سوشل میڈیا پر سرکاری دستاویزات شیئر کرنے پر بھی نوٹس لیا گیا ہے۔ سرکاری افسران و ملازمین ریڈیو، ٹی وی اور دیگر پلیٹ فارم پر کوئی تبصرہ نہیں کریں گے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبائی حکومتیں اپنے صوبے میں سرکاری ملازمین کو سروس رولز کے متعلق پھر سے آگاہ کریں۔ سرکاری افسران صرف حکومت کی اجازت سے ہی ٹی وی کیلئے انٹرویو دے سکیں گے۔ مختلف پہلوؤں پر سرکاری ملازمین کے تبصرے ملک کی سلامتی اور قانونی تقاضوں کی خلاف ورزی کے مترادف ہیں۔

**شال بقیہ 19**

اٹھانے کیلئے ناکافی ہیں، حکومت کو کئی مرتبہ کہہ چکے ہیں کہ نیب عدالتوں کی تعداد کو بڑھایا جائے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ کئی بار حکومت کو بتایا کہ مقدمات کے بوجھ کی وجہ سے ٹرائل میں تاخیر ہورہی ہے۔ عدالت عظمیٰ کی جانب سے 50، 50 گواہوں سے متعلق اٹھائے گئے سوال پر چیئرمین نیب نے جواب میں لکھا کہ 50، 50 گواہ بنانا قانونی مجبوری ہے اور کرپشن مقدمات پر 30 دن میں فیصلہ ممکن نہیں ہے۔ اپنے جواب میں چیئرمین نیب کا کہنا تھا کہ کراچی، لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد اور بلوچستان میں اضافی عدالتوں کی ضرورت ہے، ہر احتساب عدالت اوسط 50 مقدمات سن رہی ہے۔ چیئرمین نیب نے کہا کہ عدالتوں میں تعیناتی کے لیے 120 ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن ججز نہیں تو ریٹائرڈ جج بھی تعینات ہوسکتے ہیں، اس کے علاوہ احتساب عدالتوں کے خلاف اپیلیں سننے کے لیے بھی ریٹائرڈ ججز کی خدمات لی جاسکتی ہیں۔

**شال بقیہ 20**

متعلق چیئرمین سی پیک اتھارٹی نے بتایا کہ اجلاس میں آرمی چیف، وزیر اعلیٰ جام کمال اور کابینہ ارکان شریک ہوئے۔ اجلاس میں ڈی جی آئی ایس آئی بھی موجود تھے۔

**شال بقیہ 21**

ایک مریض لایا گیا جو دم توڑ گیا، نامعلوم افراد نے سول اسپتال میں ایم ایس اور ڈاکٹرز پر حملہ کیا، اسپتال میں توڑ پھوڑ کی اور وارڈز میں موجود ڈاکٹرز کو زدوکوب کیا گیا، صدر ینگ ڈاکٹرز نے کہا کہ 3 سے 4 گھنٹے تک مسلح افراد اسپتال میں موجود رہے لیکن پولیس نے کارروائی نہیں کی، صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن نے کہا کہ اگر اسپتال میں توڑ پھوڑ کرنیوالوں کو گرفتار نہیں کیا گیا تو بائیکاٹ سمیت سخت احتجاج کرینگے، اگر ڈاکٹرز ایسے ہی عدم تحفظ کا شکار رہے تو آئندہ سیریس مریضوں کو داخل کرانے سے انکار کیا جائیگا۔

**شال بقیہ 22**

سول اسپتال کوئٹہ میں لائے گئے سیریس مریض کی انتقال پر لواحقین نے احتجاج کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ ہم نے اپنے مریض کو سول اسپتال لایا جس کی دماغ کی رگ پھٹ گئی تھی اور اس دوران ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز نے نجی اسپتال میں آپریشن کرنے کو کہا، انہوں نے الزام عائد کیا کہ 2 ڈاکٹرز آپس میں جھگڑتے رہے کہ یہ مریض میرا ہے آپریشن میں کروں گا، دونوں ڈاکٹرز نجی اسپتال میں خود علاج کرنے پر بضد تھے، بعدازاں ڈاکٹرز کی جانب سے ہمیں نجی ہسپتال میں علاج کا کہنے لگے اور ڈاکٹرز کے آپس میں جھگڑے کے باعث ہمارا مریض دم توڑ گیا، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سول ہسپتال کوئٹہ کے پاس گئے اور احتجاج ریکارڈ کرایا تو ایم ایس نے بتایا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کے کہنے پر سرجیکل وارڈز بند کردیئے گئے ہیں ہمارے پاس یہ اختیار نہیں ملک کے دیگر صوبوں میں سرجیکل وارڈز کھلے ہیں ہمریض 9 بجے لایا ہے لیکن 5 بجے تک وہ زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا رہا ڈاکٹرز کی غفلت سے ہمارا والد انتقال کر گئے، پولیس تین گھنٹے سے بیٹھے کارروائی نہیں کررہی ہے اور نہ ہی ایف آئی آر درج کر رہی ہے۔

**شال بقیہ 23**

گیا ہے، پانچ اگست 2020ء کو پورے ملک میں بھارت کے ظلم اور حکومت پاکستان کی بے حسی کے خلاف یوم مذمت منایا جائے گا، گلگت بلتستان کے قائدین اور لاہور میں جے آئی یوتھ کے نوجوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان مسئلہ کشمیر، کرونا تباہ کاری، ٹڈی دل کے نقصانات، قانونی، اقتصادی، بھارتی جارحانہ عزائم کے بحرانوں کا شکار ہے۔ بجٹ کے بعد تعلیم، صحت، روزگار، کساد بازاری اور زیادہ شدت اختیار کر گئی ہے۔ آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے لیے وفاقی حکومت کی آپشنز کی قدم آگے بڑھا رہی ہے۔ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کو تمام انسانی، قانونی، اقتصادی، روزگار، اختیارات کے حقوق دیے جائیں لیکن کوئی ایسا اقدام نہ ہو جو مقبوضہ کشمیر اور کشمیریوں کی طویل اور لازوال جدوجہد کو نقصان پہنچے اس سے اسلام آباد کے پالیسی ساز باز رہیں۔ تمام قومی ایشوز پر قومی ترجیحات پر اتفاق رائے کے لیے متفقہ قومی پالیسی اور ایکشن پلان بنایا جائے۔ عمران خان حکومت تنہا جاہل اور قومی مفادات کے لیے خطرہ ہے۔

**شال بقیہ 24**

کرنے کی ضرورت ہے، دشمن کی کسی بھی مہم جوئی کی صورت میں، پاک فضائیہ بری اور بحری افواج کے ہمراہ بھرپور انداز میں جواب دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف

مارشل مجاہد انور خان نے سکردو میں واقع پی اے ایف بیس قادری کا دورہ کیا۔ ایئر چیف نے بیس پر جاری مختلف آپریشنل سرگرمیوں بشمول جنگی جہازوں اور عملے کی فوری تعیناتی کا معائنہ کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ کو بیس پر جاری تعمیراتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ بھی دی گئی۔ انہوں نے عملے کی آپریشنل تیاریوں اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور تیزی سے جاری تعمیراتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایئر چیف نے کہا کہ پاک فضائیہ خطے کی جیو اسٹریٹیجک صورتحال سے بخوبی آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم دشمن کی جانب سے اسلحہ اور فوجی ساز و سامان کے حصول کی دوڑ سے غافل نہیں اور روایتی جنگ میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ایئر چیف نے قوم کو یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ دشمن کی کسی بھی مہم جوئی کی صورت میں، پاک فضائیہ بری اور بحری افواج کے ہمراہ بھرپور انداز میں جواب دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشت گردی اور اس کی افواج کے جبر و استبداد پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ایئر چیف نے پاکستانی قوم کی کشمیری جدوجہد آزادی کی غیر متزلزل حمایت کا ذکر کیا اور مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق فوری حل کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

**شال بقیہ 25**

ٹریفک کا جام ہونا شدت اختیار کر گیا ہے، جگہ جگہ غیر ضروری پارکنگ کی وجہ سے شاہراہیں جام ہوجاتی ہے پھر منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے کرنا پڑتا ہے ٹریفک کے سنگین مسئلے سے عوام بالخصوص مریضوں کو شدت مشکلات شروع ہو جاتا ہے شہر کے مختلف روڈ باچا چوک اکرم ہسپتال، عدالت روڈ، جناح روڈ، بےنظیر فلائی اور پشین اسٹاپ، کوہلہ پاتک، پٹیل روڈ پر شدید ٹریفک جام رہتا ہے شہر میں شام ہوتے ہی ٹریفک اہلکار روڈوں پر نظر نہیں آتے رش کی وجہ سے عوام ذہنی مریض بن چکے ہے عوام بالا حکام سے درخواست کرتے ہے کہ عید کے قریب آتے ہی شہر میں ٹریفک کے مسئلے کو حل کریں۔

**شال بقیہ 26**

بلوچستان شیر یار تاج نے نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں توانائی کے شعبے کے 67 نئے منصوبوں کے لیے 1642 ملین روپے مختص ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں انرجی پارکس کی تعمیر کے منصوبوں کے لیے زمین کے حصول کا عمل جاری ہے جن میں سبی میں 5000 ایکڑ، تونکنڈی میں ونڈ انرجی پارک کے لیے 10 ہزار ایکڑ، قلعہ سیف اللہ سولر انرجی پارک کے لیے 2000 ایکڑ اور مستونگ، پشین، خضدار، لورالائی، پنجگور اور لسبیلہ میں سولر انرجی پارک کے لیے ایک ایک ہزار ایکڑ اراضی حاصل کی جارہی ہے۔ شیر یار تاج نے مزید بتایا کہ بلوچستان انرجی کمپنی لمیٹڈ کے سی ای او کی آسامی جلد عمل میں لائی جارہی ہے جب کہ آئل اینڈ گیس ڈائریکٹوریٹ کے قیام کی منظوری ہوچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یورپین یونین پروجیکٹ کی معاونت سے توانائی کے ماہرین کی خدمات حاصل کی گئی ہیں جب کہ اسلام آباد میں محکمہ کا کیمپ آفس قائم کیا جارہا ہے، صوبے میں بجلی کی فراہمی کے بنیادی ڈھانچہ کی مضبوطی کے لیے وفاقی حکومت سے معاونت حاصل کی جائے گی۔

**شال بقیہ 27**

محکمہ صحت کی جانب سے ہر ممکن دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں تمام بنیادی مراکز صحت اور سول ڈسپنسریز مکمل طور پر فعال ہیں ادویات کے حصول کیلئے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام سے ہنگامی طور پر فراہمی کیلئے درخواست کی گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف بنیادی مراکز صحت کے سینٹروں کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ چارج سنبھالتے ہی ضلع میں صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کا تہیہ کر رکھا ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائیگی معاشرے کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ محکمہ صحت کے ساتھ مل کر صحت کے شعبے کی بہتری کیلئے اپنا کردار ادا کریں محکمہ صحت کوہلو کے تمام ذمہ داران عام آدمی کو صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا اولین ترجیح ہے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات کی قلت کے حوالے سے محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام کو نہ صرف آگاہ کیا بلکہ ہنگامی طور پر فراہمی کیلئے درخواست بھی کی گئی ہے۔

**شال بقیہ 28**

کوہلو سے کوئٹہ گاڑیوں کی آمد و رفت معطل ہوگیا ہے بارش سے گرانڈوا کے مقام پر کئی حفاظتی دیوار اور پل بہہ گئے ہیں اس روڈ کا تعمیراتی کام چند سال قبل این ایل سی نے مکمل کیا تھا جس میں غیر معیاری میٹریل کے استعمال سے سڑک جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئی ہے اور حالیہ بارشوں سے سڑک کا کافی حصہ بہہ گیا ہے جس کی وجہ سے گاڑیوں کی آمد و رفت معطل ہوگئی ہے کوہلو کے عوامی و سیاسی حلقوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑک کی تعمیراتی کام کو دوبارہ کیا جائے اور اس کام کو نیشنل ہائی وے کے حوالے کیا جائے تاکہ معیاری کام ہوسکے۔

**شال بقیہ 29**

لیا گیا ہے، ذرائع کے مطابق صوبائی محکمہ داخلہ اور قبائلی امور کی جانب سے ضلع کوئٹہ، لسبیلہ اور گوادر کے بی ایریا کو ختم کر کے اے ایریا میں شامل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا تھا جس پر حکومتی اتحادی جماعت عوامی نیشنل پارٹی سمیت اپوزیشن نے شدید احتجاج کیا تھا جبکہ اے این پی نے حکومتی نوٹیفکیشن کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا تھا، ذرائع نے کہا کہ مذکورہ تین اضلاع کی لیویز کو پولیس میں انضمام کا فیصلہ واپس اور بی ایریا کو دوبارہ بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔

**شال بقیہ 30**

جدید اسلحہ سے برسٹ مار کر انہیں موت کی گھاٹ میں اتار دیا ملزم فرار وجہ رشتہ کا تنازعہ بتایا جاتا تفصیلات کے مطابق بی ایریا پنجل کمسی لیویز تھانہ کے حدود علاقہ نہنگ کے قریب کوٹھ گھاز میں پرانی دشمنی کی بناء پر ملزمان نے جنگی شاہ پوست کمسی کے گھر میں سوئے ہوئے اہل خانہ پر جدید اسلحہ سے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں جنگی خان کمسی کے دو بیٹے فتح محمد، دس سالہ نصیب اللہ اور جنگی خان کی بیوی مسماۃ شاہدہ کو قتل کرنے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے اطلاع ملتے ہی لیویز فورس جائے وقوعہ پر پہنچ کر کے نعش پوسٹ مارٹم کے لیے گندواہ لے گئے بعدازاں نعش ورثاء کے حوالے کردیئے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا، واقع پرانی دشمنی رشتہ کا تنازعہ بتایا جاتا ہے تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔

**شال بقیہ 31**

ہے کہ پاک افغان سرحد پر حال ہی میں کھولی گئی پانچوں سرحدی راہداریاں ٹرکوں کی آمد و رفت کیلئے فعال کردی گئی ہیں۔ ایک ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ فعال کی گئی سرحدی راہداریوں میں طورخم،

غلام خان، خرلاچی، انگور اڈہ اور چمن شامل ہیں۔ محمد صادق نے کہا کہ حکومت بہتر اور موثر نظم و نسق کے ذریعے ٹرکوں کو کلیئر کرنے کے عمل کو تیز کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرکوں کو کھڑا کرنے کی تمام تنگ جگہوں کو ختم کردیا گیا ہے۔

**شال بقیہ 32**

ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پہلی عید اسپیشل ٹرین 28 جولائی کو دن 11 بج کر 45 منٹ پر کراچی کینٹ سے روانہ ہو کر حیدر آباد، رحیم یار خان، شورکوٹ کینٹ، فیصل آباد، سرگودھا، ملک وال سے ہوتی ہوئی اگلے روز شام 4 بج کر 30 منٹ پر راولپنڈی پہنچے گی۔ دوسری اسپیشل ٹرین 29 جولائی کو کراچی سٹی سے دن 11 بج کر 45 منٹ پر روانہ ہو کر ٹنڈو آدم، خانپور، ملتان کینٹ، لاہور، گوجرانوالہ سے ہوتی ہوئی اگلے روز سہ پہر 3 بجے راولپنڈی پہنچے گی۔ اسی طرح تیسری اسپیشل ٹرین 30 جولائی کو کراچی کینٹ سے شام 7 بج کر 30 منٹ پر روانہ ہو کر نوابشاہ، خانیوال، شورکوٹ، فیصل آباد سے ہوتی ہوئی اگلے روز شام 5 بج کر 30 منٹ پر لاہور پہنچے گی جبکہ چوتھی اسپیشل ٹرین 30 جولائی کو راولپنڈی سے شام 4 بجے روانہ ہو کر بوسال، میانوالی، کندیاں، لیہ اور مظفر گڑھ سے ہوتی ہوئی اگلے روز شام 5 بج کر 15 منٹ پر ملتان پہنچے گی۔

**شال بقیہ 33**

کے صدر اختر مینگل سے ملاقات کی جس میں سیاسی صورتحال سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ہفتہ کو چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور سردار اختر مینگل کے درمیان زرداری ہاؤس میں ملاقات ہوئی جس میں سیاسی صورت حال پر بات چیت کی گئی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے بی این پی کے وفد میں شامل آغا حسن اور میر حمل کلمتی نے بھی ملاقات کی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ فرحت اللہ بابر، نیر بخاری اور مصطفیٰ نواز کھوکھر نے بھی بی این پی وفد سے بھی ملاقات کی۔

**شال بقیہ 34**

حکمرانی کررہے تھے، 2 سال قبل آج کے دن عوام نے ان دونوں کو مسترد کر کے تبدیلی کو ووٹ دیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار حماد اظہر نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ 2 خاندان پچھلے 35 سال سے زائد ملک پر حکمرانی کر رہے تھے۔ حماد اظہر نے کہا کہ 35 سال میں دونوں خاندانوں کے پاس دکھانے کو کچھ نہیں، دونوں خاندانوں نے ذاتی محل، آف شور دولت اور کرپشن اسکینڈل بنائے۔ انہوں نے کہا کہ 2 سال پہلے آج کے دن عوام نے ان دونوں کو مسترد کر کے تبدیلی کو ووٹ دیا۔

**شال بقیہ 35**

انہوں نے کہا کہ اگر ہم سے غفلت ہوئی تو جو ہم آج اطمینان کا اظہار کر رہے ہیں کہ ہم نے اس مرض پر بہتر طریقے سے قابو پایا ہے اور آہستہ آہستہ بند کیے گئے شعبوں کو کھول رہے ہیں تو کہیں اس میں خلل نہ پڑ جائے۔ انہوں نے کہا کہ میرج ہال اور ریسٹورنٹ والے منتظر ہیں کہ ان کی روزی اور کاروبار بحال ہوں۔

**شال بقیہ 36**

میں 2 ہزار 12 کیس رپورٹ ہوچکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں کورونا کے مزید 24 مریض دم توڑ گئے۔ اس طرح ملک بھر میں کورونا وائرس سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 5 ہزار 787 ہوگئی ہے۔ سندھ میں 2110، پنجاب 2113، خیبر پختونخوا میں 1170، اسلام آباد میں 162، بلوچستان میں 136، گلگت بلتستان میں 47 جب کہ آزاد کشمیر میں اب تک 49 مریض کورونا وائرس سے جاں بحق ہوچکے ہیں۔

**شال بقیہ 37**

خدمت میرا مشن ہے جب نیت صاف منزل آسان ہوتی ہے اللہ تعالیٰ نیتوں پر فیصلہ کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ بلوچستان، بجٹ میں سب سے بڑا حصہ ملا ہے کئی اراکین اسمبلی نے اسکا اعتراف کیا ہے کہ ژوب کو بجٹ میں بڑا حصہ دیکر نوازا ہے انہوں نے کہا کہ ژوب میں اربوں روپے کی لاگت سے بڑے منصوبوں پر کام شروع ہورہا ہے جس میں کاکڑ خراسان قمر دین روڈ سلیازہ ویلی بجزئی سوڑہ ویلی شہر میں پکی گلیوں کی پختگی پر اربوں روپے خرچ ہورہی ہیں جس سے علاقے کی تقدیر بدل جائیگی۔

**شال بقیہ 38**

لیے استعمال کیا، قوم چاہتی ہے کہ عدالتیں، اسٹیبلشمنٹ اور الیکشن کمیشن غیر جانبدار ہوں تاکہ قوم جمہوریت پر اعتماد کر سکے۔ 5 اگست کو ہندوستانی حکومت نے مقبوضہ کشمیر کو اپنی ریاست میں ضم کرلیا اور مسلم اکثریت کو اقلیت میں بدلنے کی کوشش کی مگر موجودہ حکومت خاموش تماشائی بنی رہی۔ جماعت اسلامی 4 اگست کو کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کو یقینی بنانے کے لیے اسلام آباد، آزاد کشمیر اور مقبوضہ کشمیر کی قومی مشاورت کا اجلاس بلائے گی، 4 اگست کو آزاد کشمیر اور 5 اگست کو پورے پاکستان میں یوم سیاہ منایا جائے گا۔

**شال بقیہ 39**

نے مزید کہا کہ 25 جولائی 2018 کو سلیکٹرز نے عوام کی رائے پر ڈاکہ ڈالا اس لیے اس دن کو ہمیشہ سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا جبکہ اس سے پہلے بھی 5 جولائی کو آئین معطل کر کے مارشل لاء لگایا گیا تھا، انہوں نے کہا کہ اکیسویں صدی میں ایک ایسا ڈیزائن بنایا گیا کہ بظاہر تو یہ سول اور جمہوری حکومت نظر آئے لیکن اختیارات در پردہ قوتوں کے پاس ہیں، انہوں نے کہا کہ حکمران جماعت کی ایک خاتون وزیر صاحبہ نے کہا ہے کہ ہم اور وہ ایک صفحہ پر تو ایک سطر پر ہیں حالانکہ ایک سطر پر موجودگی اس وقت تھی جب پرویز مشرف کے مارشل لاء کے انتخابات ہوئے یا ضیاء الحق کے مارشل لاء کے دور میں جب انتخابات ہوئے تھے وہ اس وقت سطر پر تھے لیکن اس وقت بین السطور میں ہیں اب صورتحال یہ ہے کہ تمام تر اختیارات جو استعمال کئے جارہے ہیں۔

**شال بقیہ 40**

لوگوں کو غائب کردیا جائے گا، عمران خان نفرت کی آگ بجھانے کیلئے نیب کے ذریعے اپوزیشن سے بدلے لے رہے ہیں، آج ملک میں مارشل لاء اور جمہوریت کا بدترین کمبی نیشن چل رہا ہے، اگر عوام کے بنیادی حقوق محفوظ نہ ہوں، انصاف نہ ہو، آوازیں کچلی جارہی ہوں تو سیاست، معیشت اور دفاع سمیت سب پر فرق پڑتا ہے، دفاع اچھی معیشت اور اچھی معیشت مضبوط سیاسی نظام کے بغیر نہیں ہوسکتا، حکومت بتائے دو سالوں میں اس کا اپنا کون سا ایک منصوبہ ہے، انہوں نے سوائے گالیاں دینے کے کیا کیا ہے؟ حکومت سے نجات کے لئے عید الاضحیٰ کے بعد اے پی سی کے ذریعے متفقہ لائحہ عمل بنایا جائے گا۔

**شال بقیہ 41**

پاکستان کو ترقی اور دہشتگردی کے خلاف جنگ سے پیچھے نہیں ہٹایا جاسکتا انہوں نے واقعہ میں شہید ہونے والے اہلکار کے درجات کی بلندی کی دعا کی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

**شال بقیہ 42**

عبداللہ خان ناصر حاجی عبداللہ سلیمان خیل مولانا محمد عارف شمشیر مفتی محمد ابوبکر اور دیگر نے کہا ہے کہ نصاب تعلیم کو انگریزی میں بدلنے والے ذہنی غلام چین اور ترکی سے سبق سیکھیں جنہوں نے اپنی زبان میں ترقی کی قومی زبان اردو ہی کی بدولت پوری قوم کے درمیان مضبوط رشتہ اور رابطہ ہے دنیا کے بہت سے ممالک نے اپنی زبانوں میں نظام تعلیم مرتب کر کے ترقی کی منازل طے کئے ہیں جبکہ ہمارے "رو سسٹم" کے دلدادہ احساس کمتری کا شکار ہیں۔

**شال بقیہ 43**

سے نوازا کیا گیا ہے، کلیکس آفیسر پر بغیر کسی ثبوت کے کردار کشی کرتے ہیں کسی کو اجازت نہیں دیں گے جن کی ضلع کے لیے اتنی بڑی خدمات ہوں وہ اپنے آباؤ اجداد سے زرعی اراضی کی ملکیت کی ملک ہیں ہمارے معاشرے میں خواتین کی بہت بڑی عزت ہے جس کو برقرار رکھنا بلوچی ثقافت ہے، ضلع جھل مگسی میں محکمہ صحت کی سربراہی خواتین ڈی ایچ او کررہی ہیں جوکہ پورے بلوچستان میں ہمارے ضلع کے لیے اعزاز کی بات ہے، ڈی ایچ او میلقہ جھل مگسی ڈاکٹر رخسانہ مگسی کے اوپر بے بنیاد الزامات لگائے جارہے ہیں جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔

**شال بقیہ 44**

کاکڑ، رقیق گلی دشوشل ورکر ملک خیر اللہ جان توخئی، یوم امید یکس لورالائی کے صدر ایم سعید خان بوری وال، اخبار فروشاں کے صدر خان عمرزئی خان ناصر، اے این پی کے ملک منظور خان ایڈووکیٹ اور دیگر نے کہا کہ بارکھان کے صحافی انور جان کھیتران کو دن دیہاڑے قتل کرنا انتہائی قابل افسوس امر ہے صحافی بغیر ہتھیار کے ایک معصوم قلم کے ذریعے کرپشن کی نشاندہی اور مسائل کو اجاگر کرنے کے لئے صرف آئینہ دیکھاتا ہوتا ہے تاکہ لوگ آئینہ دیکھنے کے بعد اپنی اصلاح اور کوتاہیوں کو دور کرسکیں۔

**شال بقیہ 45**

کیلئے سامان کی منتقلی اور Dismentaling کا کام شروع کردیا اور توقع ہے کہ آج رات (ہفتہ کی رات) نئے ٹاور کی تنصیب اور بجلی بحالی کا کام مکمل کرکے 132KV مسافر پور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز سے بجلی بحال کردی جائے گی۔ دریں اثناء کیسکو کے شعبہ جی ایس او کے سپرنٹنڈنگ انجینئر میر مجیب الرحمن مری نے گرے ہوئے متاثرہ ٹاور کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار کا بھی جائزہ لیا۔

**شال بقیہ 46**

نجی اسکولوں نے تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان کردیا ہے جبکہ اقرا اسکولز ایسوسی ایشن بلوچستان بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ ملک میں کورونا زوال پذیر ہوتا جارہا ہے اور اس کے کیسز بھی کم ہوگئے ہیں، پھر بھی حکومت نے تعلیمی اداروں کو اب تک بند کر رکھا ہے ہم نے تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق حکومت سے مذاکرات بھی کیے مگر ہماری بات نہیں سنی گئی۔

**شال بقیہ 47**

شاخوں کے ٹیلوں میں پانی کا شدید بحران ہے اس حوالے سے میں نے آج ایکسئین ایریگیشن کھیرتھر کینال سکندر زہری سمیت اپر کے زمینداروں اور کاشتکار اتحاد کے رہنماؤں سے ملاقات کیا ہے انشاءاللہ جمعرات کے دن گندم، چنے اور چاول کی زرعی کیلئے پانی فراہم کیا جائے گا جبکہ عید کے فوراً بعد نوابزادہ میر ظفر خان مگسی ایکسئین ایریگیشن سکندر علی زہری سمیت اپر کے زمینداروں سے اہم میٹنگ کر کے گندواہ کے تمام شاخوں کے ٹیلوں تک پانی کی مستقل بحالی کے حوالے سے اہم فیصلے کئے جائیں گے اس موقع پر انہوں نوابزادہ میر ظفر خان مگسی ایکسئین کھیرتھر کینال سے فون پر بھی رابطہ کیا اور انہوں گندواہ کو پانی پہنچانے کیلئے ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی میر چنگیز خان جمالی کا مزید کہنا تھا کہ عید کے بعد سید خورشید شاہ سے رابطہ کر کے سندھ سے مزید پانی بھی لیں گے اور بیگاری کینال سے سیر واہ مائنر کا پانی بھی لیا جائے گا۔

**شال بقیہ 48**

لیا جو کہ مقدمہ نمبر 29/020 بجرم 337ADF-146 میں مفرور تھا۔

**شال بقیہ 49**

نے اپنے جاری کردہ اخباری بیان میں کیا ہے انہوں نے کہا کہ حکومتی جماعت قدرتی آفات میں بھی سیاست کر رہی ہے اور غریب و مظلوم عوام کی حق تلفی کررہے ہیں جو کسی صورت قابل قبول نہیں ہے انہوں نے کہا کہ خاص طور پر مدرسین کو نشانہ بنانا قابل مذمت ہے احساس پروگرام اور راشن کی فراہمی میں کسی ایک بھی مدرس کو شامل نہیں کیا گیا کورونا وائرس کی وجہ سے ایس او پیز کی پاسداری کرتے ہوئے کسی قسم کے ہڑتال کی کال نہیں دیا گیا تھا تاہم اب خاموش نہیں رہ سکتے۔

**شال بقیہ 50**

کیلئے 20 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان اسسٹنٹ کمشنر تربت خرم خالد کے مطابق لیویز اسپیشل فورس نے ڈپٹی کمشنر کیچ میجر ریٹائرڈ محمد الیاس کبزئی کی ہدایت میں بلیدہ میں عوام کے تعاون سے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا ہے لیویز اسپیشل فورس نے گلی بلیدہ میں ایک منشیات کے اڈے میں کارروائی کرتے ہوئے اسے نذر آتش کردیا ہے اور وہاں سے منشیات اور ایک ٹی ٹی پسٹل برآمد کرلی ہے جبکہ منشیات فروش نثار ولد عبدالرحمن موقع سے فرار ہوگیا جس کی تلاش جاری ہے۔

**شال بقیہ 51**

کا الیکشن ضرور کیا جائیگا جبکہ سیاسی رہنما عوامی نمائندے اور سرکاری آفیسران بھی بہت ضروری ملاقات کرتے ہوئے ایس او پیز کا خصوصی خیال رکھیں انہوں نے کہا کہ بیوپاری اور عوام مویشی منڈیوں میں جاتے ہوئے تمام تر احتیاطی تدابیر اختیار کریں اس حوالے سے محکمہ حیوانات کو ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں انہوں نے کہا کہ میں تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز اسسٹنٹ کمشنرز اور ضلعی انتظامیہ پولیس افسران لیویز اہلکاران کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں جنہوں نے وبا سے متاثرہ عوام کی دن رات خدمت کر کے اپنا قومی و

اخلاق فرض خوب نبھایا انہوں نے کہا عوام کورونا وائرس کو سنجیدگی سے لیں حکومت کو اپنے شہریوں کی جانیں عزیز ہیں کورونا وائرس کا واحد حل اور علاج یہ ہے کہ شہری ماسک پہنے اور بار بار اپنے ہاتھوں کو صابن سے دھوئیں اور اپنے گھروں تک محدود رہیں انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے عوام کی زندگیاں انتہائی عزیز ہیں۔

**شال بقیہ 52**

نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی کو خوشحالی کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال کی قیادت میں پارٹی مضبوط اور مستحکم ہے۔

**شال بقیہ 53**

نکلنے کے بعد پر اسرار طور پر لاپتہ ہوگیا اور 16 جولائی 2020 کو اس کی جلی ہوئی لاش قریبی گھر کے لٹرین سے برآمد ہوئی تھی پولیس نے قتل کے شبے میں تین نامزد ملزمان کو بھی گرفتار کرلیا ہے جن سے مقامی پولیس اسٹیشن میں تفتیش جاری ہے۔ یوتھ اتحاد کے احتجاجی ریلی سے بی این پی مینگل کے مرکزی ڈپٹی سیکریٹری میر نذیر احمد بلوچ نیشنل پارٹی کے رہنما سابق ضلعی چیئرمین عبدالمالک صالح عوامی موومنٹ کے ضلعی آرگنائزر غلام جان بلوچ سماجی رہنما عبدالروف جمیعت علمائے اسلام عبدالولی ساسولی، شیر جان خدارحم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معصوم نقیر جان کا کیا قصور تھا جسے بے دردی سے قتل کر کے لاش کو جلا کر لیٹرین میں ڈمپ کردیا گیا۔

**شال بقیہ 54**

مطابق گزشتہ روز نیشنل پارٹی خضدار کا سیمینار ہاؤس اجلاس منعقد ہوا طویل ترین اجلاس کو تین حصوں تقسیم کیا گیا جس میں "امن وامان، علاقائی سیاسی صورتحال اور تنظیمی امور" زیر بحث رہے 1۔ امن و امان "اجلاس کے شرکاء نے ضلع خضدار میں امن کی ابتر صورتحال پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوا کہا کہ سول انتظامیہ کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے خضدار میں امن وامان کی صورتحال انتہائی ابتر ہوتی جارہی ہے آئے روز قتل کی مختلف واقعات رونما ہورہی ہیں اسٹریٹ کرائم میں بھی بے پناہ اضافہ باعث تشویش ہے امن و امان کی ابتر صورتحال کے بعد نیشنل پارٹی یہ کہنے میں حق بجانب ہے کہ سول انتظامیہ مکمل ناکام ہوچکی ہے شرکاء نے مزید کہا کہ خضدار کو ایک بار پھر 2013 جیسے صورتحال کی جانب دھکیلا جارہا ہے۔

**شال بقیہ 55**

محمد علی جنگ امیر کونگ چھاونی۔ مولانا عبدالسلام جنگ۔ رحمت اباد کے غلام صادق جنگ۔ کوحنگ بٹ عبدالعزیز سالاتی وغیرہ نے کوحنگ کا دورہ کرنے کے بعد کہا کوحنگ تمام وارڈز میں زندگی کی تمام بنیادی سہولتیں نہ ہونے کی برابر ہیں مگر ایم این اے محمود شاہ خفتہ نہ کوئی نوید عوام کو سنا رہا ہے مگر اسمبلی میں ایک دن بھی فنڈ نہ ملنے کی آواز نہیں اٹھایا۔ ایم این اے روبینہ صاحبہ کی اپنے ہی حلقہ ویرانی اور کھنڈر کا زمانہ پیش کر رہا ہے۔

**شال بقیہ 56**

کا اظہار انہوں نے اوتھل پریس کلب میں میٹ دی پریس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا پولیس اور پریس کا چولی دامن کا ساتھ ہے جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے پریس اور پولیس کے مابین تعاون اور معلومات کا تبادلہ ازحد ضروری ہے انہوں نے کہا کہ پولیس امن وامان کی بحالی کیلئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی کسی کو امن و امان میں خلل اور علاقے میں منشیات و دیگر جرائم کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی اوتھل اور بیلہ میں امن و امان کی صورتحال کافی بہتر ہے سی آئی اے اوتھل بیلہ کی کوشش ہے۔

**شال بقیہ 57**

ہوئے ہیں۔ جنگلو پی ٹی سی ایل آفیسرز اور اسٹاف کی طرف سے الوداعی پارٹی دی گئی۔ محمد عثمان زہری جیسے ہمدرد آفیسر اور پی ٹی سی ایل مزدوروں کے لئے بے تاج بادشاہ کی حیثیت سے رکھتے تھے۔ قلات ڈویژن بلکہ بلوچستان بھر میں اپنا ایک اچھا کردار پی ٹی سی ایل کے ورکروں 1 اور پی ٹی سی ایل کمپنی کے لئے ادا کیا تھا موصوف نے اپنے دوران ملازمت میں قلات ڈویژن میں بطور اسسٹنٹ بزنس مینیجر بہت اچھے طریقے سے گزارا اس نے پی ٹی سی ایل میں عوام کی بے لوث خدمت کرتے ہوئے تاریخ قائم کی۔ اور دفتری امور چلانے میں صبر و تحمل کے پیکر رہے ہیں۔ ہم پی ٹی سی ایل کے تمام آفیسرز اور اسٹاف دعا گو ہیں کہ اللہ پاک محمد عثمان زہری کی زندگی میں برکت ڈالے اور ہم امید کرتے ہیں۔

**شال بقیہ 58**

اظہاری ہے حکومت تعلیم دشمن رویے کو ترک کریں نوجوانوں کو اپنے مستقبل سنوارنے کا موقع دیں ہمارے نوجوان انشاءاللہ قابل محقق اور محب وطن ہیں نوجوانوں کے مستقبل کی بقاء تعلیم میں مضمر ہیں ملک و وطن کی بقاء کا راز نوجوانوں کے ساتھ وابستہ ہیں۔

**شال بقیہ 59**

کے مرکزی ڈپٹی سیکریٹری میر نذیر احمد بلوچ نیشنل پارٹی کے رہنما سابق ضلعی چیئرمین عبدالمالک صالح عوامی موومنٹ کے ضلعی آرگنائزر غلام جان بلوچ سماجی رہنما عبدالروف جمیعت علمائے اسلام کے عبدالولی ساسولی، شیر جان خدارحم نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معصوم نقیر جان کا کیا قصور تھا جسے بے دردی سے قتل کر کے لاش کو جلا کر لیٹرین میں ڈمپ کردیا انہوں نے کہا کہ قبیح اپنے لاشوں کی اس طرح بے حرمتی نہیں کرتے بحیثیت مسلمان ہم تو انسانیت کی دھجیاں اڑادی ہیں انہوں نے کہا کہ معصوم نقیر جان کا قتل ہمارے معاشرے پر ایک بدنما کلنک ہے جسے دھونا مشکل ہے۔

**شال بقیہ 60**

کے مناسبت سے تعزیتی ریفرنسز کے انعقاد کا فیصلہ دیگر سیاسی و تنظیمی امور زیر غور آئے۔ اجلاس میں ضلعی و تحصیل کابینہ کے اراکین شریک تھے۔ بعدازاں ضلعی کابینہ نے تحصیل زیدی، تحصیل اورناچ اور تحصیل آڑنجی کے تحصیل کابینوں کی الیکشن کے تاریخوں کا فیصلہ کیا۔ بذریعہ سرکلر متعلقہ تحصیلوں کو آگاہ کیا جائیگا۔

**شال بقیہ 61**

ڈیرہ بگٹی کے رہنما اللہ داد بگٹی، عالم دین بگٹی اور دیگر معذوروں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ بلوچستان بھر میں معذور بے سہارا بھیک مانگ کر گزارا کرتے ہیں، اور ان کے بیت مال، زکواۃ تک بھی ہڑپ کئے جارہے ہیں۔

**شال بقیہ 62**

علاقے کے لوگوں کے لیے ایک بھی منصوبہ عمل نہیں ہوا جس سے وہ استفادہ کرسکیں انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ نامکمل اسکیموں کو مکمل کیا جائے۔

**شال بقیہ 63**

کر کلبھوشن یادیو کو بار بار قونصلر رسائی اور آرڈیننس سے حکمران نے کشمیریوں اور شہداء کی لہو اور سسکتے ہوئے زخموں پر نمک چھڑکا یا حکمران کی عیاری قوم اور کشمیریوں کے سامنے بے نقاب ہو چکی ہے ان حکمرانوں کی اسلامی غیرت وحمیت ختم ہو چکی ہے اقتدار اور دولت کے نشے میں ملک کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے اور غلامانہ پالیسیوں سے قوم غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے ہمدردی کی بنیاد پر کلبھوشن کو سال میں دو بار کونسلر رسائی تک دے رہے ہیں اور اپنے شہری جو نہ کسی دہشت گرد حملے میں ملوث ہے اور نہ ملک سے غداری کی ہے اور ان کی رہائی کے لیے آئین میں کوئی نہیں ملک کے شہری کسی انسانی ہمدردی سلوک کے مستحق نہیں ہیں بلکہ آئینی حق تک نہیں دیا جارہا ہے۔

**شال بقیہ 64**

نعرے لگائے گئے اور مزدوروں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مزدور محکمہ ایری گیشن میں کسی نام نہاد ایسوسی ایشن کو تسلیم نہیں کرینگے نہ ملک کا لیبر قانون انکی اجازت دیتا ہے اسکے بعد ایری گیشن کے ایگزیکٹو انجینئر ڈی ایم جمالی نثار بلوچ سے مزدور مسائل پر یونین صدر محمد عمر کی قیادت میں ملاقات کی گئی اس موقع پر ملازمین کے مسائل پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ بعدازاں ریسٹ ہاؤس میں مزدوروں کی کثیر تعداد اپنے قائدین کی آمد کا سن کر جمع ہوگئے جہاں عابد بٹ محمد عمر حاجی عزیز اللہ نے مزدوروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان کو معزز عدالت نے بحال کیا ہے تاکہ ایری گیشن کے مزدوروں کے مسائل حل کرائے جاسکیں۔

**شال بقیہ 65**

کے خلاف ذاتی بنیادوں پر بے وجہ تنقید کرتے ہیں اگر انکا کوئی ذاتی اختلاف ہے تو وہ آکر بتائیں کہ انہیں کیا مسئلہ ہے اور کیوں بے وجہ تنقید کررہے ہیں کیونکہ انہیں پارٹی نے پہلے بھی وارننگ دی اور ہدایت کی ہے تاہم وہ بے وجہ تنقید جاری رکھے ہوئے ہیں انہیں ہماری پارٹی ایک بار پھر ہدایت کرتی ہے کہ وہ نواب چنگیز مری کے خلاف بے بنیاد الزام اور تنقید کو فوری بند کریں بصورت دیگر پارٹی کے صدر مصری خان اور دیگر پر عزت کا دعوا کریں گے۔

**شال بقیہ 66**

کررہے ہیں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے بہتر مواصلاتی نظام بہتر تعلیم اور صحت کی سہولیات سے ترقی کی راہ پر علاقے کو گامزن کیا جاسکتا ہے 26 جولائی کو پارٹی کی یوم تاسیس بھرپور انداز میں منایا جائے۔

**شال بقیہ 67**

عوام کو شدید مشکلات کا سامنا، صوبائی محتسب اعلیٰ سیکرٹری پی ایچ ای کمشنر قلات ڈویژن اور ڈی سی قلات وایکسین پی ایچ ای سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق شادیزئی اور رئیس توک کے مکینوں نے خبر رساں ادارہ آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوب ویل کا واٹر لیول نیچے گرنے کی وجہ سے مکینوں کو پانی کی دستیابی نہیں ہورہی کئی بار ایکسین پی ایچ ای و دیگر متعلقہ حکام کو شکایت دینے کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہورہا۔

**شال بقیہ 68**

سنجرانی نے کہا کہ وہ چاغی کے لوگوں کے اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے بالخصوص پروجیکٹ میں کام کرنے والی ملازمین اور سیندھک و گردونواح کے کلیوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات اٹھائیں گے بڑیچ قبائل کے ضلعی سرپرست اعلیٰ حاجی میر مدد خان بڑیچ نے کہا کہ یہ اعلیان ضلع چاغی بالخصوص پورے بلوچستان کے عوام کی خوش قسمتی ہے کہ انہیں حاجی رازق سنجرانی جیسے ایماندار اور فرض شناس ایم ڈی میسر آچکے ہیں۔

**شال بقیہ 69**

زکریا بڑیچاری غلام حیدر زہری ظہور بلوچ و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحافیوں کے جان و مال محفوظ نہیں حکومت کی ناکامی کی وجہ سے آئیں روز صحافیوں کو ٹارگٹ کیا جاتا ہے جو کہ لمحہ فکریہ ہے ملک کا چوتھے ستون صحافی قلم کاروں کے جانوں کو شدید خطرات لاحق حکومت صحافیوں کو تحفظ فراہم کریں بلوچستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں روز کا معمول بن چکا ہیں۔

**شال بقیہ 70**

خان، ایکسین ایریگیشن لورالائی ناصر خان، ڈینٹل سرجن طارق خان، عاطف خان، زاہد خان اور خرم خان کے بھائی سابق یوسی ناظم سابق کونسلر خالد خان کی رسم چہلم آج بروز اتوار صبح 10 بجے انکی رہائش گاہ وزدونی اینڈی آفس ادا کی جائیں گی تمام دوست احباب عزیز رشتہ داروں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ قرآن خوانی میں شرکت کریں بعدازاں لنگر بھی تقسیم کیا جائے گا۔

**شال بقیہ 71**

جانب سے ایک بار پھر مسئلہ کھڑا کیا گیا ہے جس کی وجہ سے عوام کو ذہنی کوفت میں مبتلا کر کے اس کے باوجود قسطوں کی شکل میں پیسے لوٹ رہے ہیں کیشن کمیٹی کی جانب سے تمام معاملات کو متاثرین تک پہنچایا گیا جس میں ایک ہی نقطے پر تمام متاثرین متفق ہوئے کہ نہ تو کاسی بحریہ ٹاون اور نہ ہی کوئی اور ان موجودہ پلاٹس کے مالکان ہیں بلکہ یہ زمین ان الاٹیز کی ہے جن کو الاٹ ہوئے ہیں اور اس کا حق صرف اور صرف الاٹیز کو ہے۔


## ایف سی پبلک سکول اینڈ کالج چمن

### ضرورت پرنسپل

ایف سی پبلک سکول اینڈ کالج چمن ضلع قلعہ عبداللہ کو پرنسپل میل/فی میل کی ضرورت ہے جو کہ درجہ ذیل معیار پر پورا اترتے ہوں۔

| کیٹگری | تعلیمی قابلیت | پیشہ وارانہ قابلیت | تدریسی انتظامی تجربہ |
| --- | --- | --- | --- |
| پرنسپل | ایم اے/ایم ایس سی (پی ایچ ڈی/ایم ایڈ کو ترجیح دی جائے گی) | بی ایڈ/ایم ایڈ | کسی بھی معیاری سکول میں 10 سے 15 سال کا اکیڈمک تجربہ لازمی ہوں۔ زیادہ تجربہ کار افراد کو ترجیح دی جائے گی |

خواہش مند افراد اپنی CV اور ڈاکومنٹس ایف سی پبلک سکول اینڈ کالج چمن، اہیڈ کوارٹر چمن اسکاؤٹس کے دفتر میں جمع کروائیں۔ درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 17 اگست 2020 ہے۔

ایف سی پبلک سکول اینڈ کالج چمن
برائے رابطہ: فون نمبر# 0826-612356
Email:fcpschamanman@gmail.com

PID(Q)298/2020

Daily SHAL Quetta

4

26 جولائی 2020ء

روزنامہ شال کوئٹہ

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ مولویات مٹھا خان کاکڑ محکمہ لائیو اسٹاک ژوب کے زیر اہتمام مالداروں میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

## محکمہ صحت کی کارکردگی ضلع جھل مگسی میں بہترین اور قابل ستائش ہیں، میر محمد اسلم خان مگسی

قلس آفیسر پر بغیر کسی ثبوت کے کردار کشی کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے

گنداواہ (نامہ نگار) محکمہ صحت کی کارکردگی ضلع جھل مگسی میں بہترین اور قابل ستائش ہیں، میر محمد اسلم خان مگسی تحصیلات کے مطابق جنرل سیکرٹری بلوچستان عوامی پارٹی ضلع جھل مگسی و سماجی شخصیت میر محمد اسلم خان مگسی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ تمام صحت ڈاکٹر رضانہ مگسی کی سربراہی میں محکمہ صحت جھل مگسی کی کارکردگی بہترین جاری ہے ڈی ایچ او ہیلتھ جھل مگسی کو ڈویژن سطح پر اعزاز بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

## صحافی انور جان کھیتران کو دن دیہاڑے قتل کرنا انتہائی قابل افسوس امر ہے ملک امانت حسین ککے زئی

لورالائی (آن لائن) سینئر صحافی ملک امانت حسین ککے زئی، زمیندار ایسوسی ایشن کے صدر ملک عصمت اللہ کھیدزئی، بی این پی کے مرکزی کمیٹی کے رکن سردار حق نواز بزدار، کاکڑ جمہوری پارٹی کے عبدالستار کاکڑ محمد یوسف بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

## موجودہ حکومت نے عوام کو بھوک مہنگائی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے' میر چنگیز خان جمالی

تحصیل گنداخہ تمام شاخوں کے ٹیلوں میں پانی کا شدید بحران ہے' صحافیوں سے بات چیت

گنداخہ (پ ر) موجودہ حکومت نے عوام کو بھوک مہنگائی کے سوا کچھ نہیں دیا ہے سکھر اور گدو بیراج ایریگیشن انتظامیہ کا بڑا تعاون ہے چیئرمین بلاول بھٹو اور خورشید احمد شاہ سے بلوچستان کے حصے کے پانی پر رابطہ اور تعاون ہے انکی کوششوں سے بلوچستان کے حصے پانی کا مل رہا ہے کچھ رکاوٹیں کھیرتھر کینال میں ہیں وہ علاقے کے زمینداروں کے ساتھ بیٹھ کر مسئلہ حل کریں گے پاکستان پیپلزپارٹی کے مرکزی رہنما سابقہ وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی کی گنداخہ پریس کلب آمد اس موقع پیپلزپارٹی رہنما سمیع اللہ خان جمالی سمیت زمیندار رہنما اسد جمالی زوار نیاز جمالی ودیگر موجود تھے اس موقع پر میر چنگیز خان جمالی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت تحصیل گنداخہ تمام بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

## ایس ایچ او صدر کا مفرور ملزمان کے خلاف تابڑتوڑ کاروائی جاری ایک مفرور گرفتار

خضدار (نامہ نگار) خضدار ایس ایس پی شکیل سید خان آفریدی، کی مفرور ملزمان کے خلاف خصوصی ہدایت ڈی ایس پی سٹی، گل احمد، کی نگرانی میں ایس ایچ او صدر، محمد صالح، ۔ ایس آئی عبدالحق ۔ انگل اسکواڈ انچارج اے ایس آئی عبدالصمد، اے ایس آئی جمال شیخ ودیگر اہلکاروں نے کاروائی کر کے مزید ایک اور مفرور ملزم علی اکبر کو گرفتار کر بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

# عوامی خدمت میرا مشن صاف نیت ہو تو منزل آسان ہو جاتی ہے مٹھا خان کاکڑ

ژوب کو بجٹ میں بڑا حصہ دیکر نوازا ہے، ژوب میں اربوں روپے کی لاگت سے بڑے منصوبوں پر کام شروع ہو رہا ہے

ژوب کیلئے فنڈز لانا میری زمہ داری ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے سرکاری ملازمین اپنے منصب سے مخلص نہیں' صوبائی وزیر

ژوب (ر ح ن) محکمہ لائیو سٹاک ژوب کے زیراہتمام مالداروں میں فی مالدار 75 ہزار روپے چیک کی تقسیم کا پروقار تقریب سرکٹ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں مالداروں کے علاوہ سیاسی سماجی اور قبائلی معتبرین نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے صوبائی وزیر لائیو سٹاک حاجی مٹھا خان کاکڑ، ایڈیشنل سیکرٹری عنایت کاکڑ، ڈی جی غلام حسین جعفر، ڈائریکٹر ریسرچ کامران اختر، ایڈیشنل ڈائریکٹر سعید کاکڑ، ڈویژنل ڈائریکٹر ڈاکٹر بہاوالحق مندوخیل، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر نصیب اللہ کاکڑ اور دیگر نے خطاب کیا صوبائی وزیر حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا کہ بلاتفریق عوامی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ڈپٹی کمشنر ژوبین قائم لاشاری تحصیل برشور کے علاقے دلہ میں بی ایچ یو کے دورے کے موقع پر ادویات چیک کر رہے ہیں

## ہنگ تمام وارڈز میں زندگی کی تمام بنیادی سہولتیں نہ ہونے کی برابر ہیں' جمعیت علماء اسلام نظریاتی

قلات (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی معاون کونر مبارک خان محمد حسنی صوبائی صدر JTI نظریاتی حافظ فضل الرحمان رحمانی ضلعی کونیئر قاری رحمت اللہ نقشبندی، سیکرٹری جنرل JTI فضل اللہ عمرانی امیر اہلسنت روڈ بی کو ہنگ شیر جان روڈ بی امیر اللہ داد کو ہنگ مولانا بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

## خضدار نیشنل پارٹی خضدار کا سینئر باڈی اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر چیئرمین حمید بلوچ منعقد ہوا

اجلاس کے مہمان خاص ریجنل سیکریٹری قلات ریجن امین دوست بلوچ تھے

خضدار (نامہ نگار) خضدار نیشنل پارٹی خضدار کا سینئر باڈی اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر چیئرمین حمید بلوچ منعقد ہوا۔ اجلاس کے مہمان خاص ریجنل سیکریٹری قلات ریجن امین دوست بلوچ تھے اجلاس میں نیشنل پارٹی خضدار کے ضلع و تحصیل کابینہ کے ارکان، نیشنل پارٹی خضدار کی سینئر قیادت کے علاوہ وی ایس او چیار کے ارکان نے شرکت کی اجلاس میں ضلع خضدار میں امن و امان کی صورتحال اسٹریٹ کرائم، علاقائی سیاسی صورتحال اور تنظیمی امور پر سیر حاصل بحث کے بعد اہم فیصلے کیے گئے۔ تحصیلات کے بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

## بلوچستان بھر میں معذور بے سہارے بھیک مانگ کر گزارا کرتے ہیں، معذور یونین ڈیرہ بگٹی

اوستہ محمد (آن لائن) معذوروں کے حقوق دیئے جائیں، سرکاری ملازمتوں میں معذوروں کی کوٹہ پر صحت مندوں کو بھرتی کیے گئے، عدالت عالیہ از خود نوٹس لیکر تمام محکموں میں جانچ پڑتال کروائیں، ان خیالات کا اظہار معذور یونین بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

## سیاہ دمب گیک میں ہسپتال کی عدم تعمیر کی جلد تحقیقات کی جائے، حافظ عبداللطیف گچکی

گیک کی روڈ کے پل کی عدم تکمیل اور گیک میں واٹرسپلائیوں کی عدم تکمیل باعث تشویش ہے

پنجگور (این این آئی) تحصیل گیک کے سیاسی وسماجی رہنما حافظ عبداللطیف گچکی نے کہا ہے کہ سیاہ دمب گیک میں ہسپتال کی عدم تعمیر کی جلد تحقیقات کی جائے اور گیک کی روڈ کے پل کی عدم تکمیل اور گیک میں واٹر سپلائیوں کی عدم تکمیل باعث تشویش ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ گیک میں ترقیاتی اسکیموں کے نام پر کروڑوں روپے کے فنڈز منظور ہوئے مگر بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

## غلامانہ پالیسیوں سے قوم غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے' سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، صوبائی کو منسٹر مفتی شفیع الدین ژوبی کو منسٹر حاجی عبیداللہ حقانی، معاون کو منسٹر حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

## بڑھتی مہنگائی نے عوام سے عید کی خوشیاں چھین لیں

عیدالفطر کی نسبت عیدالاضحی پر خریداری میں نمایاں کمی آئی ہے تاجر دن بھر دکانوں پر گاہکوں کی راہ تکنے لگے ہیں

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) بڑھتی مہنگائی نے عوام سے عید کی خوشیاں چھین لیں عیدالفطر کی نسبت عید الاضحی پر خریداری میں نمایاں کمی آئی ہے تاجر دن بھر دکانوں پر گاہکوں کی راہ تکنے لگے ہیں، رپورٹ کے مطابق ڈیرہ اللہ یار میں عیدالفطر کی نسبت عیدالاضحی کی خریداری میں نمایاں کمی نظر آرہی ہے بازاروں میں خریداروں کا رش نہ ہونے کے باعث دکاندار دن بھر گاہکوں کی راہ تکتے رہتے ہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور چاول کی فصل تیار نہ ہونے کی وجہ سے عیدالاضحی پر عوام کی قوت خرید کم ہوگئی ہے بازاروں میں دن بھر سناٹا ہے

## پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان کو معزز عدالت نے بحال کیا ہے' محمد عمر جتک

مزدوروں کی جانب سے شاندار استقبال، ڈی ایم جمالی، اوستہ محمد زون قائم کردیئے گئے

کوئی ایسوسی ایشن مزدور مسائل حل نہیں کرسکتی مزدور کینال لیبر یونین کی چھتری تلے متحد ہوجائیں

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان سی بی اے کے صدر محمد عمر جتک چیئرمین حاجی عزیز اللہ بلوچ متحدہ لیبر فیڈریشن کے سیکرٹری اطلاعات عابد بٹ نصیر آباد وجعفر آباد و اوستہ محمد کا دورہ مزدوروں اور ملازمین نے بھرپور حمایت کا اعلان کردیا۔ دورے کے کے پہلے مرحلے میں ڈیرہ مراد جمالی ایکسین آفس پہنچنے پر ایریگیشن کے مزدوروں نے اپنے قائدین کا شاندار استقبال کیا اس موقع پر پاکستان کینال لیبر یونین بلوچستان مزدور اتحاد زندہ باد و بلوچستان لیبر فیڈریشن زندہ باد کے بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

## نوکنڈی ہیڈکوارٹرز چتستان رائفلز کی جانب سے غریب اور مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی ہیڈ کوارٹرز چتستان رائفلز کی جانب سے غریب اور مستحق افراد میں راشن تقسیم کیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز آئی جی ایف سی ساؤتھ میجر جنرل سرفراز علی بلال امتیاز ملٹری کیخصوصی ہدایت ہدایت پر نوکنڈی اور اسکے آس پاس کیعلاقوں میں ایک ہزار راشن غریب و مستحق خاندان میں تقسیم کیا گیا اسکیعلاوہ عیدالاضحی کے موقع پر غریب خاندانوں کی خوشیوں دوبالا کرنے کے لیئیرا شن سوٹ اور چپل تقسیم کیے گیے راشن کی تقسیم اور فلاح و بہبود کیا۔

# 25 جولائی کا دن سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا حافظ حسین احمد

دو سال قبل اسی تاریخ کو انتخابات کے نام پر مداخلت کی گئی اور عوام کے فیصلے کو تبدیل کیا گیا

تمام اختیارات در پردہ قوتوں کے پاس ہیں، عمران خان اور اس کی پارٹی بے اختیار ہے، مرکزی ترجمان جمعیت علمائے اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی ترجمان و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ 25 جولائی کا دن سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، دو سال قبل اسی تاریخ کو انتخابات کے نام پر مداخلت کی گئی اور عوام کے فیصلے کو تبدیل کیا گیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مطلع العلوم کوئٹہ میں مختلف وفود اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جے یو آئی کے مرکزی ترجمان حافظ حسین احمد بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

## صحافی انور کھیتران کے قاتلوں کو گرفتار کرنے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے' میر نذیر بجاری

قلات (آن لائن) صحافی انور کھیتران کے قاتلوں کو گرفتار کرنے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے سچ کی آواز کو دبانے کی اسطرح کے حربے ناقابل برداشت ہیں ان خیالات کا اظہار بی این پی عوامی کے سینئر رہنما میر نذیر بجاری عبدالستار بجاری محمد عارف قلندرانی عبدالقادر کا مرید نے کیا بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

## سابق یوسی نائب ناظم خالد خان کی رسم چہلم آج صبح 10 بجے انکی رہائش گاہ وزرتی اینڈی آفس ادا کی جائے گی

سبی (این این آئی) سابق یوسی نائب ناظم خالد خان کی رسم چہلم آج صبح 10 بجے انکی رہائش گاہ وزرتی اینڈی آفس ادا کی جائے گی تفصیلات کے مطابق ریٹائرڈ چیف نمبر شاہد بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

لاہور: صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار حسنین بہادر دریشک لاہور اور شیخوپورہ میں قائم مویشی منڈیوں کا دورہ کر رہے ہیں

## قوم اور فوج نے ایمان اور بہادری کے ساتھ ملک دشمن عناصر کا مقابلہ کیا ہے' آغا عمر بنگلزئی

ہم نے پہلے بھی انہیں شکست دی ہے اور آئندہ بھی انہیں جڑ سے ختم کریں گے، سابق نگران وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سابق نگران وزیر داخلہ بلوچستان آغا عمر بنگلزئی نے تربت میں سیکورٹی فورسز کے قافلے پر فائرنگ میں ایک اہلکار کی شہادت اور متعدد کے زخمی ہونے کے واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے دہشتگردوں کا ہمیشہ مقابلہ کیا اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا ہے ہماری قوم اور فوج نے ایمان اور بہادری کے ساتھ ملک دشمن عناصر کا مقابلہ کیا ہے ہم نے پہلے بھی انہیں شکست دی ہے اور آئندہ بھی انہیں جڑ سے ختم کریں گے، انہوں نے کہا کہ دشمن کی بزدلانہ حرکتوں سے پاکستانی قوم یا افواج بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

## نصاب تعلیم کو انگریزی میں بدلنے والے ذہنی غلام چین اور ترکی سے سبق سیکھیں' عبدالرحمن رفیق

دنیا کے بہت سے ممالک نے اپنی زبانوں میں نظام تعلیم مرتب کرکے ترقی کی منازل طے کی ہیں، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ سرپرست مولانا قاری عبداللہ مولانا شیخ احمد جان حافظ عبدالحق حقانی مولانا مفتی غلام نبی مجدی سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد حافظ سراج الدین میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف حاجی قاسم خان شکی حافظ سردار محمد نورزئی حاجی صالح محمد ملک بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

## صارفین کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر جلد از جلد نئے ٹاور کی تنصیب کا کام یقینی بنائیں، میر مجیب الرحمن مری

اس دوران مسافر پور اور ژوب کے صارفین کو بجلی کی فراہمی میں تعطل پیش آنے پر کیسکو نے معذرت کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان کے مطابق جمعہ کے روز شدید طوفانی ہواؤں سے گوال حیدرزئی اور مسافرپور کے درمیان 132KV ٹرانسمیشن لائن کا ایک ٹاور گر گیا جس کے نتیجے میں 132KV مسافرپور اور ژوب گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ کیسکو کا شعبہ گرڈ سسٹم آپریشن (GSO) اور گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (GSC) کے عملہ نے جمعہ کی شام ہنگامی بنیادوں پر نئے ٹاور کی تنصیب بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

## ملک بھر میں نجی اسکولوں نے تعلیمی ادارے کھولنے کا اعلان کردیا ہے' حضرت علی کوثر

کوئٹہ (آن لائن) قراسکولز ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی صدر حضرت علی کوثر مولوی نعمت اللہ قاری زیب الرحمن مولوی محمد جیلانی ڈاکٹر سراج احمد قاری اسلم علم یار عبدالظاہر کاکڑ قاری رحمت اللہ غزنوی ڈاکٹر صلاح الدین مولوی محمد انور ودیگر نے مشترکہ بیان میں کہا کہ ملک بھر میں بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

## حکومتی جماعت قدرتی آفات میں بھی سیاست کر رہی ہے، مولانا قاری محمد رحیم

حالیہ کورونا وائرس کی وباء کے دوران قلات کے عوام کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے تحصیل قلات کے سیکرٹری جنرل مولانا قاری محمد رحیم نے کہا ہے کہ حالیہ کورونا وائرس کی وباء کے دوران قلات کے عوام کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے اور منظور نظر افراد کو نوازا گیا عوام آج بھی حکومتی امداد کے منتظر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

## میر فائق علی خان جمالی کی میر فاضل خان پندرانی سے پندرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی ملاقات

صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی کو خوشحالی کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دے رہی ہے

نصیرآباد (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر فائق علی خان جمالی نے میر فاضل خان پندرانی سے پندرانی ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی ملاقات کی، ملاقات میں علاقائی سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر حاجی عبدالغفار پندرانی بھی موجود تھے۔ میر فائق خان جمالی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

نوشکی: نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر مالک بلوچ ودیگر تعلقات عامہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر باری بلوچ کے والد کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

## پولیس اور پریس کا چولی دامن کا ساتھ ہے' عبدالقادر شیخ

جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے پریس اور پولیس کے مابین تعاون اور معلومات کا تبادلہ از حد ضروری ہے

اوتھل (نامہ نگار) انچارج سی آئی اے اوتھل بیلہ عبدالقادر شیخ نے کہا کہ سی آئی اے اوتھل بیلہ کی یہ کوشش ہے کہ علاقے میں منشیات اسمگلروں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کیا جائے اور اس حوالے سے ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی نے سختی سے ہدایات دی ہیں کہ سی آئی اے چیک پوسٹ پر پولیس اہلکاروں کو ہمہ وقت چوکس رکھا جائے اور علاقے سے جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کیلئے کسی قسم کا دباؤ برداشت نہ کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کیلئے ان رات ایک کریں ان خیالات بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

## بی این پی ضلع خضدار کے ضلعی و تحصیل خضدار کابینہ کا ضلعی سینئر نائب صدر شفیق الرحمن ساسولی کے زیر صدارت اجلاس

بعد از عیدالاضحی 08 اگست شہید وکلاء کے مناسبت سے تعزیتی ریفرنس کے انعقاد کا فیصلہ، دیگر سیاسی وتنظیمی امور پر غور

خضدار (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع خضدار کے ضلعی و تحصیل خضدار کابینہ کا ضلعی سینئر نائب صدر شفیق الرحمن ساسولی کے زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا۔ نظامت کے فرائض ضلعی جوائنٹ سیکرٹری غلام نبی ایڈوکیٹ نے سرانجام دیئے۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کی گئی جس کی سعادت سٹی فنانس سیکرٹری کامران گنگو نے حاصل کی۔ اجلاس میں 08 اگست شہید وکلاء کے بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

# کورونا 24 افراد دم توڑ گئے جاں بحق افراد کی تعداد 5787 ہوگئی

بلوچستان میں 136، گلگت بلتستان میں 47 جب کہ آزاد کشمیر میں تا حال 49 مریض کورونا وائرس سے جاں بحق ہو چکے ہیں

جاں بحق افراد کی تعداد 5787 ہوگئی، فعال مریض گھٹ کر 35 ہزار 291 رہ گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں چوبیس گھنٹوں میں 24 افراد دم توڑ گئے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 5787 ہوگئی، فعال مریض گھٹ کر 35 ہزار 291 رہ گئے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 23 ہزار 630 ٹیسٹ کیے گئے۔ ملک بھر میں مجموعی طور پر کورونا کے 18 لاکھ 21 ہزار 296 ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ 24 گھنٹوں میں ملک بھر میں ایک ہزار 487 کورونا کیسز سامنے آئے ہیں جس کے بعد ملک میں مصدقہ مریضوں کی تعداد 2 لاکھ 71 ہزار 887 ہوگئی ہے۔ سندھ میں ایک لاکھ 16 ہزار 800، پنجاب میں 91 ہزار 691، خیبر پختونخوا میں 33 ہزار 71، بلوچستان میں 11 ہزار 550، اسلام آباد میں 14 ہزار 821، گلگت بلتستان میں ایک ہزار 942 اور آزاد کشمیر بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: سیکرٹری لوکل گورنمنٹ صالح محمد ناصر سے ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید مینگل ودیگر کوئٹہ کے صفائی کے حوالے سے ملاقات کر رہے ہیں

## عید قربان کے موقع پر عوام کورونا کے حوالے سے ایس او پیز پر مکمل عمل کریں، سہیل الرحمان بلوچ

سیاسی رہنما عوامی نمائندے اور سرکاری آفیسران بھی بہت ضروری ملاقات کرتے ہوئے ایس او پیز کا خصوصی خیال رکھیں

ایس او پیز کی خلاف ورزی پر قانون کا ایکشن ضرور کیا جائیگا، کمشنر ژوب ڈویژن

لورالائی (این این آئی) کمشنر ژوب ڈویژن سہیل الرحمان بلوچ نے کہا ہے کہ لورالائی سمیت ژوب ڈویژن کے دیگر اضلاع میں عید قربان کے موقع پر عوام کورونا کے حوالے سے ایس او پیز پر مکمل عمل کریں اور زیادہ رش میں جانے سے گریز کریں حکومت نے پہلے ہی تفریحی مقامات پر عوام کے جانے پر پابندی عائد کر رکھی ہے انہوں نے کہا کہ عید پر موسم گرم رہیگا اور عوام زیادہ گوشت کا استعمال کم اور گرمی سے بچنے کیلئے بھی خاص احتیاط کریں انہوں نے کہا ایس او پیز کی خلاف ورزی پر قانون بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

## لیویز اسپیشل فورس بلیدہ کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

تربت (آن لائن) لیویز اسپیشل فورس بلیدہ کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، منشیات کا اڈا نذر آتش، اڈے سے منشیات اور ٹی ٹی پستول قبضے میں لے لیئے، کاروائی پر ڈپٹی کمشنر کیچ کا لیویز اسپیشل فورس کے جوانوں بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

# حکومت نے عدالتوں کو اپنے مفاد کیلئے استعمال کیا سراج الحق

سپریم کورٹ کا نیب کے حوالے سے ریمارکس خود نیب کی شفافیت پر سوال ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

کے الیکٹرک کا لائسنس منسوخ، قومی تحویل میں لے کر فارنزک آڈٹ کیا جائے، ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکومت کی دو سالہ کارکردگی انتہائی مایوس کن ہے، قوم سوال کر رہی ہے کہ کورونا وائرس کی وبا میں عوام کے لیے مختص 12 سو ارب روپے کہاں خرچ ہوئے۔ موجودہ حکومت کا احتساب، احتساب کے نام پر بدترین مذاق ہے۔ نیب کے حوالے سے سپریم کورٹ کے ریمارکس عوامی احساسات و جذبات کا ترجمان ہیں۔ حکومتوں نے عدالتوں کو اپنے مفاد کے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: جوائنٹ چیف اکنامکس خدائے داد خان اکیمین تعمیر محمد گرائمر اسکول کے برج کا معائنہ کر رہے ہیں

## 12 سالہ معصوم بچے فقیر جان کے قتل اور لاش کو جلانے کے خلاف سریکوران سوردہ یوتھ اتحاد کی ریلی اور احتجاج

پنجگور (این این آئی) پنجگور سوردہ کے رہائشی 12 سالہ معصوم بچے فقیر جان کے قتل اور لاش کو جلانے کے خلاف سریکوران سوردہ یوتھ اتحاد کی جانب سے ریلی اور احتجاج کیا گیا۔ واضح رہے کہ فقیر جان 4 جون 2020 کو گھر سے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

## موجودہ SDO پی ٹی سی ایل خضدار محمد عثمان زہری ملازمت پورا ہونے پر ریٹائرڈ ہو گئے

خضدار (نامہ نگار) ضلع خضدار کے قائد سابقہ PTCL ورکرز یونین کے لیڈر اور موجودہ SDO پی ٹی سی ایل خضدار محمد عثمان زہری مورخہ 15 جولائی 2020 کو 60 سال کی مدت ملازمت پورا ہونے پر ملازمت سے ریٹائرڈ بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

## جے ٹی آئی طلباء کی وہ تنظیم ہے جس نے ہر فورم پر طلباء کے حقوق کیلئے آواز اٹھایا' محی الدین

دلسوزہ میں رفیع کاکڑ کے قیادت میں درجنوں نوجوانوں نے جے ٹی آئی میں شامل

ناناصاحب (پ ر) جمعیت طلباء اسلام شہید محمد قاسم یونٹ دلسوزہ میں ایک شمولیتی تقریب انعقاد کیا گیا تقریب صدارت کونیئر یونٹ جعفر وقار کر رہے تھے رفیع اللہ کاکڑ کے سربراہ درجنوں ساتھیوں سمیت شمولیت اعلان کیا تقریب آغاز باقاعدہ تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک سعادت حافظ مومن کو حاصل ہوا اسٹیج سیکرٹری محب اللہ دلسوری سرانجام دیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جے ٹی آئی تحصیل ناناصاحب محی الدین غرشین نے کہا کہ جمعیت طلباء اسلام نوجوانوں کے تعلیم پر کبھی کسی کے ساتھ کسی قسم کی کمپرومائز نہیں ہوگا یہ وہ واحد تنظیم ہے جو طلباء کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

## ہمارے مطالبات کو تمام ادارے درست تسلیم کر چکے ہیں' چیئرمین تحریک بحالی بولان میڈیکل کالج کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) تحریک بحالی بولان میڈیکل کالج کوئٹہ کے چیئرمین حاجی میر اللہ خان صافی عبدالباسط شاہ میرزیب شاہ احتجاجی کیمپ میں مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے مطالبات کو تمام ادارے درست تسلیم کر چکے ہیں ہم باشعور لوگ ہیں بار بار مذاکرات کے لیے بلایا گیا مذاکرات میں طے ہونے والے نکات سے ہر دفعہ روگردانی کی گئی جس کی وجہ سے انحراف کرکے احتجاج میں شدت پیدا کی ہے مورخہ 18 جولائی کو رات چار گھنٹے تک جاری مذاکرات کو ایک بار پھر وائس چانسلر نے سبوتاژ کر دیا ہے۔

## معصوم فقیر جان کا قتل ہمارے معاشرے پر ایک بدنما کلنک ہے جسے دھونا مشکل ہے، میر نذیر احمد بلوچ

کافر بھی اپنے لاشوں کی اس طرح بے حرمتی نہیں کرتے بحیثیت مسلمان ہم نے تو انسانیت کی دھجیاں اڑا دی ہیں

پنجگور (این این آئی) پنجگور سوردہ کے رہائشی 12 سالہ معصوم بچے فقیر جان کے قتل اور لاش کو جلانے کے خلاف سریکوران سوردہ یوتھ اتحاد کی جانب سے ریلی اور احتجاج پولیس واقعہ کی غیر جانبدارانہ اور شفاف طریقے سے تحقیقات کرکے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائے واضح رہے کہ فقیر جان 4 جون 2020 کو گھر سے نکلنے کے بعد پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا اور 16 جولائی 2020 کو اس کی جلی ہوئی لاش قریبی گھر کے لٹرین سے برآمد ہوئی تھی پولیس نے قتل کے شبے میں تین نامزد ملزمان کو بھی گرفتار کرلیا ہے جن سے مقامی پولیس اسٹیشن میں تفتیش جاری ہے یوتھ اتحاد کے احتجاجی ریلی سے بی این پی مینگل بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر ریونیو میر سلیم احمد کھوسہ سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

## قلات کے کلی شادی زئی و ریس توک کربلا کا منظر پیش کرنے لگا

علاقے کے لوگ گزشتہ دس دنوں سے پانی سے محروم ہے

قلات (آن لائن) قلات کے کلی شادی زئی و ریس توک کربلا کا منظر پیش کرنے لگا۔ علاقے کے لوگ گزشتہ دس دنوں سے پانی سے محروم ہے پانی کی فراہمی نہ ہونے سے مکین بارہ سو روپے ٹینکی پانی خریدنے پر مجبور ہیں۔ واٹر لیول نیچے گرنے سے بورنگ سے پانی کی سپلائی نہ ہونے سے بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

## عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے' عوامی نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ اے این پی عملی کام پر یقین رکھتی ہے عوام کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی تکمیل کو عملی جامہ پہنانے کیلئے جدوجہد بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

# اے پی سی میں حکومت سے نجات کیلئے لائحہ عمل طے کیا جائیگا احسن اقبال

دو سال قبل عوام کا مینڈیٹ چوری کیا گیا، آج ملک میں مارشل لاء اور جمہوریت کا بدترین کمبینیشن چل رہا ہے' مسلم لیگ (ن)

حکومت بتائے دو سالوں میں اس کا اپنا کون سا ایک منصوبہ ہے، سوائے گالیاں دینے کے کیا کیا ہے؟' احسن اقبال کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے کہا ہے کہ عوامی سروے کے مطابق 2018، کے انتخابات میں مسلم لیگ (ن) کو 120 نشستیں حاصل ہو رہی تھیں لیکن آر ٹی ایس سسٹم بیٹھنے کے بعد نتائج کچھ اور نکلے، یہ بدترین چوری تھی جس کے نتائج قوم دو سال بعد بھی بھگت رہی ہے، حکومت ایف اے ٹی ایف کے نام پر فاشسٹ نظام قائم کرنا چاہتی ہے، کرنسی ڈیلر سے جعلی پرچی پر سیکرٹری داخلہ کی سرپرستی بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

اوتھل: چیف ٹرائبل سردار غلام فاروق شیخ اور انچارج سی آئی اے اوتھل بیلہ عبدالقادر شیخ اوتھل پریس کلب میں صحافیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

## نواب چنگیز مری کے خلاف بیان بازی بند کی جائے، میر روزی خان

عوام کی آواز کے بجائے سیاسی بنیادوں پر بیان بازی اور تنقید کرتی ہے باقی سیاسی پارٹیاں کیا کر رہی ہیں

کوہلو (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کوہلو کے رہنما میر روزی خان مری نے ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہلو کی یوتھ جو خود کو ایک غیر سیاسی تنظیم سمجھتی ہے تا ہم وہ ایک عرصہ سے سیاسی پارٹی بن چکی ہے اور عوام کی آواز کے بجائے سیاسی بنیادوں پر بیان بازی اور تنقید کرتی ہے باقی سیاسی پارٹیاں کیا کر رہی ہیں یوتھ کو کوئی اختلاف نہیں گروہ نواب چنگیز مری بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

## چاغی کے لوگوں کے اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے، حاجی رزاق سنجرانی

ضلع چاغی کے عوام کے لیے موجودہ اور سابقہ خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں' میر مدد خان برڑیچ

دالبندین (این این آئی) ضلع چاغی کے ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت و برڑیچ قبائل ضلع چاغی کے سرپرست اعلیٰ حاجی میر مدد خان برڑیچ نے صوبائی وزیر انکوائری کمیٹی میں سینڈک پروجیکٹ کے ایم ڈی حاجی رازق سنجرانی سے خصوصی طور پر ملاقات کی جس میں ضلع چاغی کے عوام کو درپیش مسائل اور سیاسی ملاقاتی قبائلی امور پر غور آئے اس موقع پر ایم ڈی سینڈک پروجیکٹ حاجی رازق بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

## علاقے کے رکن قومی وصوبائی اسمبلی اور صوبائی وزیر آبپاشی پانی چوری کرکے فروخت کرنے میں ملوث ہیں، عادل جمالی

اگر ہمیں پانی نہیں دیا جاتا تو ہمارے علاقے کو سندھ کا حصہ بنا دیا جائے تاکہ ہمیں پانی کی فراہمی ممکن ہو، محمد امین مینگل

کوئٹہ (این این آئی) عوامی ایکشن کمیٹی گنداخہ کے عادل جمالی اور محمد امین مینگل نے کہا ہے کہ گنداخہ میں دانستہ طور پر پانی کی ترسیل روک کر تھر کے ریگستان جیسی صورتحال پیدا کر دی گئی ہے، علاقے کے رکن قومی و صوبائی اسمبلی اور صوبائی وزیر آبپاشی پانی چوری کرکے فروخت کرنے میں ملوث ہیں اگر ہمیں پانی نہیں دیا جاتا تو ہمارے علاقے کو سندھ کا حصہ بنا دیا جائے تاکہ ہمیں پانی کی فراہمی ممکن ہو۔

## کوئی بھی ڈیل کا حق نہیں رکھتا اور نہ ہی کوئی ڈیل کرے گا، کاسی بحریہ ٹاؤن متاثرین

جن کی تمام قسطیں جمع ہیں ان کو فوراً قبضہ دے کر ان کو تعمیرات کی اجازت دی جائے

کوئٹہ (این این آئی) کاسی بحریہ ٹاؤن متاثرین کا اجلاس تمام متاثرین اور ایکشن کمیٹی کی موجودگی میں ہوا جس میں بڑی تعداد میں متاثرین نے شرکت کی اس اجلاس میں ایکشن کمیٹی کی طرف سے نوجوان ترین منیر باریخ، انجینئر ہمایوں کاکڑ، یار محمد، طارق محمود، ملک صبغت اللہ پانیزئی، حمید خان یار علیزئی، فاروق شاہ اور ہارون درانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کاسی بحریہ ٹاؤن کی انتظامیہ کی بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر